E-mail dailyshamal1991@gmail.com
dailyshamal.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | صوبہ پختونخواہ کا سب سے زیادہ فروخت ہونیوالا اخبار | A.B.C CERTIFIED
The Daily SHAMAL ABBOTTABAD
روزنامہ شمال ایبٹ آباد
بیاد نیاز پاشا جدون
فون نمبر 0992-385577
جلد نمبر 37 | منگل 27 رمضان المبارک 1447ھ 17 مارچ 2026ء 2083ب | صفحات 4 | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 21

حویلیاں عبداللہ قتل کیس عدالت نے 5 ملزمان کی ضمانتیں خارج کر دیں

حویلیاں (نمائندہ شمال) عبداللہ قتل کیس سیشن عدالت نے پانچ ملزمان کی ضمانتیں خارج کر دیں۔ حویلیاں کی سیشن عدالت نے گزشتہ روز عبداللہ قتل کیس میں گرفتار پانچ ملزمان کی درخواستِ ضمانت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1)

ہریپور گاؤں ڈالری میں دو نوجوانوں کا لرزہ خیز قتل

ڈالری میں دو موٹر سائیکل سوار نوجوانوں کو آتشین اسلحہ سے فائرنگ کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا گیا پولیس نے دونوں نعشوں کو ٹرامہ سنٹر منتقل کر دیا، ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا

سرائے نعمت خان (ڈاکٹر محمد ساجد اعوان) ڈالری میں دو نوجوانوں کا لرزہ خیز قتل تھانہ بیڑ کی حدود ڈالری میں دو موٹر سائیکل سوار نوجوانوں کو آتشین اسلحہ سے فائرنگ کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا گیا پولیس نے دونوں نعشوں کو ٹرامہ سنٹر منتقل کر دیا گیا زرائع کے مطابق گزشتہ روز تھانہ بیڑ کی حدود ڈالری میں نامعلوم وجوہات کی بنا پر دو نوجوانوں کو آتشین اسلحہ سے فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا تھانہ بیڑ پولیس دوہرے قتل کی اطلاع پاتے ہی جائے وقوعہ پر پہنچ گے اور دونوں نعشوں کو اٹھا کر ٹرامہ سنٹر منتقل کر دیا پوسٹمارٹم کے بعد دونوں نوجوانوں کی نعشوں کو ورثا کے حوالے کر دیا گیا دوہرے قتل کی واردات کے بعد علاقہ میں تشویش کی لہر پائی جاتی ہے تھانہ بیڑ نے ملزمان کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2)

کمشنر ہزارہ فیاض علی شاہ عیدالفطر کے موقع پر پبلک ٹرانسپورٹ میں اوور چارجنگ کی روک تھام کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مانسہرہ سسٹم کی خرابی یا کوئی اور مسئلہ اکثریت حکومتی پیکیج سے محروم

متوسط طبقہ و غریبوں کی اکثریت حکومتی پیکج کی منتظر، ٹال مٹول جاری، صوبے کے بھی کئی شہروں میں ایسی ہی خبریں سامنے آرہی ہیں

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) حکومتی پیکج، سسٹم کی خرابی یا کوئی اور مسئلہ، لوگوں کی اکثریت حکومتی پیکج سے محروم، متوسط طبقہ و غریبوں کی اکثریت حکومتی پیکج کی منتظر، ٹال مٹول جاری، تفصیلات کے مطابق خیبر پختون کے لاکھوں لوگوں کیلئے صوبائی حکومت کے جاری کردہ امدادی پیکج سے صوبہ بھر کے مستحق لوگوں کی اکثریت ابھی تک محروم ہے جسے سسٹم کی خرابی یا کسی اور مسئلے کے درپیش آنے کا بتایا جارہا ہے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 12)

اسٹیشن ہاؤس انچارج کا خانپور ڈیم کا دورہ

خان پور (کرائم رپورٹر) اسٹیشن ہاؤس انچارج کا خانپور ڈیم کا دورہ، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ظاہر میاں کی ہدایت پر خانپور کے اسٹیشن ہاؤس انچارج وہاب نے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 10)

عبداللہ خان نے سبزی و فروٹ منڈی میں نیلامی کے عمل کی نگرانی کی

فنانس آفیسر مانسہرہ کے ہمراہ اسسٹنٹ فوڈ کنٹرولر اور زراعت کے نمائندے بھی موجود تھے

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) سبزی و فروٹ منڈی میں نیلامی کے عمل کی نگرانی، سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد کی ہدایت، تفصیلات کے مطابق گزشتہ 26 ویں رمضان المبارک کے دوران صوبائی حکومت کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر مانسہرہ میاں عادل بہزاد کی ہدایات پر فنانس آفیسر مانسہرہ عبداللہ خان نے اسسٹنٹ فوڈ کنٹرولر اور محکمہ زراعت کے نمائندے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 11)

موہڑہ علی خان میں ٹریفک حادثہ، 2 افراد زخمی ہوگئے

ہری پور (کرائم رپورٹر) موہڑہ علی خان میں ٹریفک حادثہ، 2 افراد زخمی، موہڑہ علی خان میں پارک کے قریب GT روڈ پر موٹر سائیکل راگیر سے ٹکرا گیا، حادثے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 9)

عیدالفطر کی آمد کے ساتھ ہی کھلونا اسلحہ کی فروخت جاری

مانسہرہ شہر اور گرد و نواح میں کھلونا اسلحہ کی فروخت دوبارہ شروع ہوچکی ہے

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) عیدالفطر کی آمد کے ساتھ ہی کھلونا اسلحہ کی فروخت جاری، پابندی کے باوجود ضلعی انتظامیہ سے کارروائی کا مطالبہ۔ مانسہرہ شہر اور اس کے گرد و نواح میں عیدالفطر کی آمد کے ساتھ ہی مختلف بازاروں اور شاپنگ مراکز میں کھلونا اسلحہ کی فروخت ایک بار پھر شروع ہوگئی ہے۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 8)

غیر قانونی افغان باشندوں کی بڑھتی ہوئی موجودگی شہریوں کے لیے تشویش

متعدد جگہوں پر ٹولیوں کی شکل میں خواتین کو ہراساں کرتے ہوئے نظر آتے ہیں

ہری پور (کرائم رپورٹر) غیر قانونی افغان باشندوں کی بڑھتی ہوئی موجودگی شہریوں کے لیے تشویش کا باعث بنتی جارہی ہے، عید کی آمد کے ساتھ خریداری کے لیے آنے والی خواتین اور فیملیز کو بازاروں، گلی محلوں اور چوکوں میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جہاں بڑی تعداد میں افغان افراد کھڑے نظر آتے ہیں، بتایا جاتا ہے کہ ان میں سے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3)

علی شیر خان خلیل کا شیر دل کے ہمراہ آر ایچ سی کوزہ بانڈہ کا دورہ

عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی انتظام، ادویات دستیابی اور دیگر سہولیات کا معائنہ کیا

بٹگرام (ہینڈ آؤٹ) صوبائی حکومت کی ہدایات کی روشنی میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (فنانس اینڈ پلاننگ) علی شیر خان خلیل نے ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر شیر دل اور تحصیلدار بٹگرام کے ہمراہ رورل ہیلتھ سنٹر (RHC) کوزہ بانڈہ اور کوزہ بانڈہ بازار کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے رورل ہیلتھ سنٹر میں طبی عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی کے انتظامات، ادویات کی دستیابی اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4)

عیدالفطر پر زائد کرایہ وصولنے والوں کیخلاف کارروائی کا حکم

اڈہ مالکان، اڈہ منشیان اور ڈرائیورز کے خلاف کارروائی کے لیے ڈی پی او مانسہرہ نے کارروائیاں کرنے کی ہدایات جاری کردی ہیں

پھلڑہ (نمائندہ) عیدالفطر کے موقع پر اڈوں پر گاڑیوں کی مصنوعی شارٹج پیدا کر کے زائد کرایہ وصول کرنے والوں کے خلاف کاروائی کا حکم، ڈی پی او مانسہرہ کی ٹریفک پولیس کو ہدایات عیدالفطر کی آمد کے موقع پر گاڑیوں کی مصنوعی شارٹج پیدا کر کے زائد کرایہ وصول کرنے والے اڈہ مالکان، اڈہ منشیان اور ڈرائیورز کے خلاف کارروائی کے لیے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 6)

وزیر اعلیٰ رمضان پیکیج کے تحت مالی امداد فراہمی کا سلسلہ جاری

پروگرام کے تحت مستحق خاندانوں کو 12,500 روپے کی مالی معاونت فراہم کی جارہی ہے

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے خصوصی رمضان ریلیف پیکج کے تحت مستحق شہریوں کو مالی امداد کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ اس پروگرام کے تحت مستحق خاندانوں کو 12,500 روپے کی مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ رمضان المبارک کے دوران انہیں ریلیف فراہم کیا جاسکے۔ ضلعی انتظامیہ ایبٹ آباد کے مطابق وہ شہری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 7)

عیدالفطر موقع پر سیکورٹی یقینی بنانے حوالے سے اجلاس

اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر ہریپور نے کی، افسران کی بھرپور شرکت

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) عیدالفطر کے موقع پر عوام کی سہولت اور سیکورٹی کو یقینی بنانے کے لیے اجلاس ڈپٹی کمشنر ہری پور وسیم احمد کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس میں ضلعی انتظامیہ، پولیس، ریسکیو 1122، محکمہ صحت، ٹی ایم اے، لوکل گورنمنٹ اور دیگر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5)

ہستان چاینہ پل سے نامعلوم شخص کی نعش برآمد

بعض اوقات حادثات کے دوران لاپتہ ہونے والے افراد کی لاشیں دریا میں گرنے کے بعد کافی عرصے بعد مختلف مقامات پر ملتی ہیں

پھلڑہ (نمائندہ شمال) کوہستان اپر میں دریائے سندھ سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد کوہستان اپر کے علاقے داسو چاینہ پل کے نیچے دریا سندھ کے کنارے ایک نامعلوم شخص کی لاش ملی ہے۔ مقامی لوگوں کے مطابق اس شاہراہ قراقرم پر اکثر ٹریفک حادثات بھی پیش آتے رہتے ہیں، اور بعض اوقات حادثات کے دوران لاپتہ ہونے والے افراد کی لاشیں دریا میں گرنے کے بعد کافی عرصے بعد مختلف مقامات پر ملتی ہیں۔ اگر کسی شخص کا کوئی عزیز یا رشتہ دار لاپتہ ہے اور اسے شبہ ہو کہ یہ لاش اس کے کسی عزیز کی ہو سکتی ہے تو وہ اپر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 13)

ڈپٹی کمشنر مانسہرہ میاں بہزاد عادل عیدالفطر کے پر امن انعقاد کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چھتر پلین بارش سے دیوار گرنے سے 2 نوجوان جاں بحق

موسلا دھار بارشوں نے علاقے میں تباہی مچا دی چھتر پلین میں رات گئے شدید بارش، آندھی اور طوفانی ہواں کے باعث شیلٹر کی دیوار اچانک گر گئی

کوش ویلی (بیورو چیف) چھتر پلین میں انتہائی افسوس ناک حادثہ۔ گزشتہ رات کی بارش سے شیلٹر نما مکان کی دیوار گرنے سے دو نوجوان دیوار کے ملبہ کے نیچے دب کر جانبحق ہوگئے گزشتہ روز سے جاری موسلا دھار بارشوں نے علاقے میں تباہی مچا دی چھتر پلین میں رات گئے شدید بارش، آندھی اور طوفانی ہواں کے باعث شیلٹر کی دیوار اچانک گر گئی دیوار گرنے کے افسوسناک واقعے میں دو نوجوان جاں بحق ہوگئے جاں بحق ہونے والوں میں شیر اعظم ولد شیر محمد اور ابوبکر ولد تاج ملوک شامل ہیں دونوں نوجوانوں کا تعلق (بقیہ صفحہ 3 نمبر 14)

ڈپٹی کمشنر سرمد سلیم اکرم عید الفطر کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تازہ ترین خبروں اور SHAMAL E Paper کیلئے وزٹ کیجئے
dailyshamal.com.pk

حویلیاں میں عید کے موقع پر خصوصی ٹریفک پلان نافذ کر دیا گیا

ٹریفک پلان کے مطابق دوراہا کی جانب سے شہر میں داخلے کی اجازت نہیں ہوگی

حویلیاں (نمائندہ شمال) حویلیاں میں عید کے موقع پر خصوصی ٹریفک پلان نافذ شہر میں عید کے موقع پر بڑھتی ہوئی ٹریفک کو منظم رکھنے کے لیے خصوصی ٹریفک پلان نافذ کر دیا گیا ہے جو سوموار سے نافذ العمل ہوا ہے ٹریفک پلان کے مطابق دوراہا کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 15)

ڈپٹی کمشنر ہریپور وسیم احمد عیدالفطر کے پرامن انعقاد اور عوام کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عیدالفطر کی آمد کمر توڑ مہنگائی نے غریب عوام کی مشکلات بڑھا دیں

عیدالفطر کی آمد کے موقع پر کھانے پینے سمیت روزمرہ استعمال کی ہر چیز کی قیمت میں کئی گنا اضافہ کر دیا گیا ہے، کارروائی کا عوامی مطالبہ

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) عیدالفطر کی آمد، بازاروں میں رش، ہر چیز کی قیمت میں کئی گنا اضافہ، کمر توڑ مہنگائی نے غریب عوام کیلئے مشکلات بڑھا دیں، انتظامیہ بیبس، عوامی حلقوں کا کروائی کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق عیدالفطر کی آمد کے ساتھ ہی مانسہرہ کے مختلف بازاروں مارکیٹس شاپنگ مالز پلازوں پر خریداروں کا بے پناہ رش لگ گیا ہے جن میں بچے بوڑھے جوان اور خواتین بھی شامل ہیں عیدالفطر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 23)

ایبٹ آباد تھانہ نواں شہر کے محرر نے سائلین کے دل جیت لئے

ایبٹ آباد (وقاص باکسر سے) ایبٹ آباد تھانہ نواں شہر کے محرر نے سائلین سے انتہائی ادب کیساتھ پیش آ کر سائلین کے دل جیت لیے اہلیان نواں شہر کا محرر اسماعیل اعوان کو خراج تحسین محرر اسماعیل اعوان نے اپنے افسران کے حکم کی پاسداری کرتے ہوئے تھانے میں آنیوالے ہر سائلین سے ان کے مسائل کے بارے میں ادب کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 21)

ڈی ایس پی سرکلر سعید یدون کو عمرہ کی سعادت پر مبارکباد

میڈیا پرسنز، پرنٹ میڈیا صحافتی حلقوں کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کی گئی

ہری پور (ڈپٹی بیورو رپورٹ) ڈی ایس پی سرکلر سعید یدون کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر میڈیا پرسن اور پرنٹ میڈیا کی جانب سے مبارکباد، گزشتہ روز ڈی ایس پی سرکلر سعید یدون کو حال ہی میں عمرہ کی سعادت حاصل ہونے پر میڈیا پرسنز، پرنٹ میڈیا سے وابستہ افراد، سماجی و صحافتی حلقوں کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کی گئی مختلف شخصیات نے اپنے تہنیتی پیغامات میں کہا ہے کہ عمرہ کی سعادت حاصل کرنا ایک عظیم روحانی اعزاز ہے جو اللہ تعالیٰ اپنے خاص بندوں کو عطا فرماتا ہے، انہوں نے کہا کہ سعید یدون ایک فرض شناس اور ذمہ دار پولیس افسر ہونے کے ساتھ ساتھ خوش اخلاق اور ملنسار شخصیت کے مالک ہیں، جو اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو ایمانداری اور خلوص کے ساتھ نبھا رہے ہیں۔ عمرہ کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 22)

لساں نواب بازار اور پھلڑہ بازار میں سیکیورٹی کے اقدامات میں اضافہ

پھلڑہ (نمائندہ شمال) لساں نواب بازار اور پھلڑہ بازار میں سیکیورٹی کے اقدامات میں اضافہ ڈی ایس پی سرکل پھلڑہ مدثر ضیا نے لساں نواب بازار کا دورہ کیا۔ یہ دورہ عیدالفطر کی آمد کے پیش نظر متوقع (بقیہ صفحہ 3 نمبر 20)

پبلک ٹرانسپورٹ زائد کرایہ وصولی روک تھام حوالے اجلاس

صدارت کمشنر ہزارہ و چیئرمین ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی نے کی، متعلقین کی شرکت

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) کمشنر ہزارہ و چیئرمین ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی فیاض علی شاہ کی زیر صدارت عیدالفطر کے موقع پر پبلک ٹرانسپورٹ کی دستیابی اور زائد کرایہ وصولی کی روک تھام کے حوالے سے ایک ورچوئل اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ حالیہ فیول قیمتوں میں اضافے کے پیش نظر صوبائی حکومت کی جانب سے نیا کرایہ نامہ جاری کر دیا گیا ہے جو تمام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 19)

گورنمنٹ سکولز داخلہ مہم کے سلسلہ میں حویلیاں میں آگاہی واک نکالی جا رہی ہے

اجمل وحید خوشی کی والدہ کی دعائے قل ادا کردی گئی

مرحومہ کے روح کے ایصال ثواب کے فاتحہ خوانی اور لواحقین کے لئے صبر و جمیل کی دعا کی گئی

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) معروف سماجی شخصیت ہزارہ کا ایدھی اجمل وحید خوشی کی والدہ کی دعائے قل لمبا میرا حجرہ محمد یوسف خان میں ادا کردی گئی ہے جس میں سیاسی و مذہبی جماعتوں کے زمہ داران، سماجی تنظیموں مختلف سرکاری و نجی محکموں کے افسران، اساتذہ کرام، علما کرام، صحافیوں سمیت مختلف مکاتب فکر کے افراد نے شرکت کی اور مرحومہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 16)

ضلع مانسہرہ میں غریب خاندانوں کو رمضان پیکیج نہیں مل سکا

سفید پوش اور غریب گھرانے کم آمدنی والے لوگ تیرہ ہزار رمضان پیکیج سے محروم ہیں

شنکیاری (بیورو چیف) مرکزی حکومت کی جانب سے ضلع مانسہرہ میں غریب خاندانوں کو رمضان پیکیج نہیں مل سکا گزشتہ سال بھی مرکزی حکومت کی جانب سے وزیر اعظم رمضان پیکیج کی رقم غریب نادار اور کم آمدنی اور سفید پوش لوگوں کو نہیں مل سکا رواں سال بھی کئی سفید پوش اور غریب گھرانے کم آمدنی والے لوگ تیرہ ہزار رمضان پیکیج سے محروم ہیں حکومت کی جانب سے اخبارات میں کروڑوں روپے کے رمضان پیکیج کے اشتہار شائع ہونے کے باوجود ضلع مانسہرہ میں شنکیاری میں تاحال کسی بھی غریب گھرانے اور سفید پوش لوگوں کو رمضان پیکیج نہیں مل سکا ہزاروں غریب گھرانے کے افراد آج بھی وزیر اعظم (بقیہ صفحہ 3 نمبر 17)

ٹی ایم اے بفہ پکھل کا شنکیاری میں غیر قانونی تجاوزات کے خلاف آپریشن

وسیم خان نے غیر قانونی تجاوزات کو مین روڈ سے ہٹا دیا، متعدد کو جرمانے کئے گئے

شنکیاری (بیورو چیف) ٹی ایم اے بفہ پکھل انکروچمنٹ انسپکٹر وسیم خان کا شنکیاری میں غیر قانونی تجاوزات کے خلاف آپریشن غیر قانونی تجاوزات کو مین روڈ سے ہٹا دیا گیا متعدد کو جرمانے بعض غیر قانونی تجاوزات کا باعث بننے والے ریڑھی بانوں تھڑہ فروشوں سے ترازو اٹھالئے اور کئی غیر قانونی تجاوزات والے افراد کو وارننگ دی گئی ٹی ایم اے بفہ پکھل وسیم خان نے شنکیاری میں اپنی ٹیم کے ہمراہ غیر قانونی تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا تجاوزات کا باعث بننے والوں کو چالان بھی کیا اور وارننگ دی گئی مین بازار میں بھی غیر قانونی تجاوزات کو ہٹا دیا گیا جو کہ بعد میں دوبارہ تجاوزات قائم کردی گئی بازار کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 18)

مانسہرہ، حجرہ کوہستان میں آئے سعید اللہ قریشی اور قاری طیب ایم پی اے سردار محمد ریاض کو عمرہ ادائیگی پر مبارکباد پیش کر رہے ہیں

عیدالفطر موقع پر عوام کو سہولیات فراہم کرنے حوالے سے اجلاس

صدارت ڈپٹی کمشنر مانسہرہ بہزاد خان نے کی، تمام محکمہ جات کے سربراہان کی شرکت

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) ڈپٹی کمشنر مانسہرہ میاں بہزاد عادل کی زیر صدارت عیدالفطر کے پُرامن انعقاد اور عوام کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تمام ضلعی محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران عید کے موقع پر سیکیورٹی، ٹریفک مینجمنٹ، عوامی سہولیات اور دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ مانسہرہ پولیس کی جانب سے عیدالفطر کے موقع پر امن و امان برقرار رکھنے کے لیے جامع سیکورٹی پلان مرتب کیا جائے گا جبکہ ضلع بھر میں شہریوں کی آمدورفت کو بہتر بنانے کے لیے ٹریفک مینجمنٹ اور روٹ پلان بھی ترتیب دیا جائے گا۔ عوام کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 25)

عیدالفطر پر کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچنے پر دفعہ 144 نافذ

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے ڈی سی آفس ایبٹ آباد سے علامیہ جاری

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد کیپٹن (ر) سردار سلیم اکرم نے عیدالفطر 2026 کے موقع پر امن و امان برقرار رکھنے اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لیے ضلع بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر آفس سے جاری اعلامیے کے مطابق عیدالفطر کے دوران شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور عوامی امن و سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے مختلف سرگرمیوں پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ دفعہ 144 کے تحت ہوائی فائرنگ، موٹر سائیکلوں کی ون ویلنگ اور تیز رفتاری، بھی کوٹ جھیل اور دیگر تیز بہاؤ والے آبی مقامات پر نہانے یا تیراکی کرنے، لائف جیکٹ کے بغیر کشتی رانی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 27)

ایبٹ آباد حویلیاں میں بڑھتی چوری کی وارداتیں عوام عدم تحفظ کا شکار

پولیس کی کارکردگی صفر ثابت ہو کر رہ گئی پولیس کی جانب سے دادرسی نہ ہونے پر شہریوں نے اپنی رپورٹ تک درج کروانا چھوڑ دیا

حویلیاں (نمائندہ شمال) حویلیاں میں بڑھتی ہوئی چوری کی وارداتوں نے شہریوں کو پریشان کر رکھا ہے پولیس کی کارکردگی صفر ثابت ہو کر رہ گئی پولیس کی جانب سے دادرسی نہ ہونے پر شہریوں نے اپنی رپورٹ تک درج کروانا چھوڑ دیا تفصیلات کے مطابق حویلیاں شہر میں متعدد مقامات پر موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں نے شہریوں کا سکون چھین لیا کئی گروہ رمضان المبارک میں ان (بقیہ صفحہ 3 نمبر 24)

بفہ دوراہا بازار میں اشیائے خورد و نوش کی چیکنگ، متعدد کو جرمانے

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) بفہ دوراہا بازار میں اشیائے خورد و نوش کی چیکنگ، خلاف ورزیوں پر جرمانے، صوبائی حکومت کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر مانسہرہ عادل بہزاد کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر بفہ پکھل فراز قریشی نے بفہ دوراہا بازار کا دورہ کیا اور اشیائے خورد و نوش کی دکانوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 26)

ٹریفک انچارج مانسہرہ انس خان کا شہر کے مختلف روٹس کا دورہ

گلی باغ (نمائندہ خصوصی) ٹریفک انچارج مانسہرہ انس خان کا شہر کے مختلف روٹس کا دورہ۔ ڈی پی او مانسہرہ محمد اظہر خان کے احکامات کی روشنی میں اور ایس ایس پی ٹریفک مانسہرہ شہزادی نوشاد گیلانی کی ہدایات پر انچارج ٹریفک انسپکٹر انس خان نے شہر بھر کے مختلف ٹریفک روٹس کا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 28)

روزنامہ شمال ایبٹ آباد
ڈیکلیئرڈ پبلیشر ایڈیٹر ہرپور
عبدالوحید رہانی
ایبٹ آباد، مانسہرہ، سوات اور کراچی سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ ہزارہ (شمال) میں شمال کی فروخت تمام علاقائی اور قومی اخبارات کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے
سروے۔۔گیلپ، این آر سی، آئی سی ایل
ایوانِ صدر، وزیراعظم ہاؤس، پارلیمنٹ ہاؤس، وزراء، گورنرز، وزرائے اعلیٰ، سفارتخانوں سے پسند کیا جاتا ہے

روزنامہ شمال پنجاب اور سندھ میں وہاں کے کئی قومی اخبارات سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے

ایبٹ آباد مرکزی دفاتر
پلاٹ نمبر A-6 سال اٹھ سٹریٹ اسٹیٹ ایبٹ آباد
فون نمبرز 0992-385577 موبائل نمبر: 0314-5003149
فیکس 0992-385575,385576,385578
Email: dailyshamal1991@gmail.com Web: www.shamal.com.pk

سوات
جامی بابا چوک پیکو روڈ سوات
فون نمبرز 0946-711788,711700
فیکس 0946-720452

مانسہرہ بیورو
سب آفس کشمیر روڈ کچہری چوک مانسہرہ
0321-9838817

کراچی
امبر میڈیکل سنٹر پلازہ نزد کاظمے والا موٹرز فورجہ فلور ایم اے جناح روڈ کراچی
فون نمبرز 021-2752266,2752421
فیکس 021-2752422
E-mail: shamalkarachi@yahoo.com

ہرپور بیورو
محمد جاوید عباسی
ایڈریس: اسی ایچ آفس مرکز روڈ بالمقابل بلدیہ کمیٹی ہرپور ہزارہ
فون نمبر 0995-612434
فیکس نمبر 0995-612424

راولپنڈی/اسلام آباد
ندیم خان جدون
03200880105
0301-8149023 (بیورو چیف)
0300-5761144,0995-447048 (ایڈیٹر)

مظفر آباد
عقب جی پی او نزد دیوان صدر مظفر آباد
فون نمبر 05822-446938
فیکس 05822-446842
Email: shamalmzd2011@gmail.com

موبلیاں بیورو
سید عبدالقدوس شاہ گیلانی (بیورو چیف)
بین الاضلاعی موبلیاں، ٹرانک
0992-810899
بیورو چیف۔ مظہر بشیر احسان
0992-380054
0992-380080,0346-5782121
0346-8574169,0987-405554

مئگل 27 رمضان المبارک 1447ھ 17 مارچ 2026ء 2083ب

بلدیاتی نظام کی تحلیل اور فنڈز کی عدم فراہمی ترقیاتی کام ادھورے خواب

کسی بھی جمہوری معاشرے میں بلدیاتی نظام کو عوامی مسائل کے فوری حل اور مقامی ترقی کی بنیاد سمجھا جاتا ہے۔ یہی نظام گلی محلوں کی سطح پر عوامی ضروریات کو سمجھنے اور ان کے حل کے لیے مؤثر کردار ادا کرتا ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں بلدیاتی نظام کی تحلیل اور ترقیاتی فنڈز کی عدم فراہمی نے مقامی ترقی کے خوابوں کو ادھورا چھوڑ دیا ہے۔ سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں، گلیوں کی پختگی کے منصوبے رکے ہوئے ہیں، نکاسی آب کے مسائل شدت اختیار کر چکے ہیں اور عوام بنیادی سہولیات کے لیے ترس رہے ہیں۔

بلدیاتی نمائندے جو عوام کے ووٹوں سے منتخب ہو کر آئے تھے، عملاً بے اختیار نظر آئے۔ فنڈز کی بندش اور نظام کی غیر فعالیت نے ان کی کارکردگی کو شدید متاثر کیا۔ کئی علاقوں میں ترقیاتی منصوبے شروع تو ہوئے لیکن وسائل کی کمی کے باعث مکمل نہ ہو سکے۔ نتیجتاً عوام کو نہ مکمل سہولت ملی اور نہ ہی حکومتی دعوے حقیقت کا روپ دھار سکے۔

یہ صورتحال اس امر کی نشاندہی کرتی ہے کہ جب تک مقامی حکومتوں کو مضبوط، بااختیار اور مالی طور پر مستحکم نہیں کیا جاتا، ترقی کا عمل محض نعروں تک محدود رہے گا۔ بلدیاتی نظام کو ختم یا کمزور کرنا دراصل عوامی مسائل کو مزید پیچیدہ بنانے کے مترادف ہے۔ مقامی نمائندوں کو اختیارات اور وسائل دیے بغیر ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت فوری طور پر نئے بلدیاتی الیکشن کروا کر اداروں کو فعال کرے، رکے ہوئے فنڈز جاری کرے اور ترقیاتی منصوبوں کو مکمل کرنے کے لیے واضح حکمت عملی مرتب کرے۔ کیونکہ جب تک گلی محلوں کی سطح پر مسائل حل نہیں ہوں گے، اس وقت تک بڑے بڑے ترقیاتی دعوے عوام کے لیے صرف ایک ادھورا خواب ہی رہیں گے۔

الوداع رمضان المبارک رحمتوں کے مہینے کی رخصتی

نہ ہونا امید، رمضان ہے رحمتوں کا مہینہ
امید مردِ مومن ہے خدا کے راز دانوں میں
علامہ محمد اقبال

رمضان المبارک اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمتوں میں سے ایک ہے جو ہر سال مومنوں کے دلوں کو روحانیت، امید اور سکون عطا کرتا ہے۔ یہ وہ مہینہ ہے جس میں انسان اپنے رب کے قریب ہوتا ہے، اپنی کمزوریوں اور لغزشوں کا اعتراف کرتا ہے اور رحمتِ خداوندی کی بارگاہ میں سر جھکا دیتا ہے۔ رمضان کی آمد کے ساتھ ہی ہر طرف ایک خاص فضا قائم ہو جاتی ہے، مساجد آباد ہو جاتی ہیں، دل نرم ہو جاتے ہیں اور انسان کی روحانی دنیا میں ایک روشنی پیدا ہو جاتی ہے۔

رمضان صرف بھوک اور پیاس کا مہینہ نہیں بلکہ تقویٰ، صبر، اور عبادت کی تربیت گاہ ہے۔ روزہ انسان کو یہ سکھاتا ہے کہ خواہشات پر قابو پانا اور نفس کی اصلاح کرنا ہی اصل کامیابی ہے۔ دن بھر بھوکا رہنے کے ساتھ ساتھ انسان کی ہمدردی بڑھتی ہے اور وہ غربت، محرومی اور انسانی مشکلات کے بارے میں زیادہ حساس ہو جاتا ہے۔ یہی احساس انسان کو سخاوت اور ایثار کی طرف راغب کرتا ہے۔

رمضان کی سب سے بڑی برکت قرآن مجید کی تلاوت ہے۔ اسی مہینے میں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کو نازل فرمایا تاکہ انسانیت کو ہدایت کا راستہ دکھایا جا سکے۔ مساجد میں تراویح کی محفلیں سجتی ہیں، قاری حضرات قرآن کی تلاوت کرتے ہیں اور سامعین خشوع و خضوع کے ساتھ سنتے ہیں۔ یہ لمحات انسان کے دل و روح کو روشنی اور سکون عطا کرتے ہیں۔

رمضان ہمیں یہ بھی یاد دلاتا ہے کہ زندگی کا اصل مقصد دنیاوی آسائشیں نہیں بلکہ اللہ کی رضا اور اس کی عبادت ہے۔ سحری کی خاموش گھڑیاں، افطار کے لمحات، اور تراویح کی عبادت انسان کے دل میں سکون پیدا کرتے ہیں، جو دنیا کی کسی دولت یا شہرت سے حاصل نہیں ہو سکتا۔

اس مہینے کی ایک اور خوبصورتی سخاوت اور خیرات میں ہے۔ زکوٰۃ، صدقات اور فطرانہ کے ذریعے ضرورت مندوں کی مدد کی جاتی ہے، جس سے معاشرے میں محبت اور بھائی چارے کا ماحول پیدا ہوتا ہے۔ افطار کے دسترخوان پر امیر اور غریب سب شریک ہوتے ہیں، اور ہر شخص کو دوسروں کے دکھ درد کا احساس ہوتا ہے۔ یہ منظر اسلام کی انسانی تعلیمات اور معاشرتی مساوات کی عکاسی کرتا ہے۔

خصوصاً رمضان کے آخری عشرے کی راتیں بے حد اہمیت رکھتی ہیں۔ شبِ قدر کی تلاش میں مسلمان گڑگڑا کر عبادت کرتے ہیں کیونکہ یہ رات ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ اس رات کی عبادت انسان کی تقدیر بدل سکتی ہے، یہی وجہ ہے کہ ہر مومن ان لمحات کو ضائع نہیں ہونے دیتا بلکہ اللہ سے مغفرت اور رحمت کی دعا کرتا ہے۔ لیکن افسوس کہ آج کے دور میں رمضان کو صرف رسم و رواج تک محدود کر دیا گیا ہے۔ بازاروں کی رونقیں بڑھ جاتی ہیں، کھانے پینے کا اہتمام زیادہ ہو جاتا ہے، اور عبادت کا اصل مقصد پیچھے رہ جاتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ رمضان ہمیں سادگی، صبر، اور اللہ کی رضا کی طرف بلاتا ہے۔

رمضان کا اصل پیغام یہ ہے کہ نیکی کا سفر صرف

ایک مہینے تک محدود نہیں ہونا چاہیے۔ اگر اس مہینے کے بعد بھی انسان کے کردار میں مثبت تبدیلی آ جائے، وہ جھوٹ، دھوکہ اور ظلم سے بچنے لگے، نماز اور قرآن سے تعلق مضبوط ہو جائے، تو سمجھ لینا چاہیے کہ رمضان کی تربیت کامیاب ہو گئی۔ لیکن اگر رمضان کے بعد انسان اپنی پرانی عادات کی طرف لوٹ جائے تو یہ اس مہینے کی روح سے فائدہ حاصل نہ کرنے کے مترادف ہے۔

جب رمضان کے آخری دن آتے ہیں تو دل میں عجیب سی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ ایک طرف عید کی خوشیاں ہوتی ہیں اور دوسری طرف اس مبارک مہینے کی جدائی کا غم۔ مساجد کی رونقیں، سحری کی خاموشیاں، افطار کے لمحات اور قرآن کی تلاوت کی خوشبو سب یادوں میں بدل جاتی ہیں۔

ہر مومن کے دل سے دعا نکلتی ہے کہ اے اللہ! اگر ہم سے رمضان میں کوئی کمی ہوئی ہو تو اسے معاف فرما، ہماری عبادات قبول فرما، اور ہمیں دوبارہ اس بابرکت مہینے تک پہنچنے کی توفیق عطا فرما۔ رمضان ہمیں یہ بھی سکھاتا ہے کہ زندگی میں صرف عبادت کافی نہیں، کردار اور عمل بھی نیک ہونا چاہیے۔

قرآن اور سنت کی تعلیمات کے مطابق، رمضان ہمیں یاد دلاتا ہے کہ انسان کی حقیقی کامیابی دنیاوی دولت میں نہیں بلکہ اللہ کی رضا اور معاشرت میں نیکی پھیلانے میں ہے۔ نماز، قرآن، سچائی، انصاف اور خدمتِ خلق یہی وہ اقدار ہیں جو ایک مسلمان کی پہچان بناتی ہیں۔ اگر ہم رمضان کی تربیت کو اپنی زندگی کا حصہ بنا لیں تو نہ صرف ذاتی زندگی بہتر ہو سکتی ہے بلکہ ہمارا معاشرہ بھی امن، محبت اور انصاف کا گہوارہ بن سکتا ہے۔

آخر میں مفکرِ پاکستان علامہ محمد اقبال کے ایک شعر کے ساتھ کالم کو ختم کرتے ہیں:

افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر
ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارہ
علامہ محمد اقبال

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں رمضان کی حقیقی روح کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے، ہماری عبادات قبول کرے اور ہمیں دوبارہ اس بابرکت مہینے تک پہنچنے کا موقع دے۔

ضلع مانسہرہ میں فرض شناس تعلیمی افسران کو کام کرنے دیا جائے

تعلیمی نظام کا تباہ ہونا سیاسی مداخلت کا نتیجہ ہے، ہدایت اللہ خان فرض شناس آفیسر تھے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ضلع مانسہرہ میں تعلیمی نظام کو تباہ ہونے سے بچانے کے لئے فرض شناس ضلع افسران کو کام کرنے دیا جائے ڈی ای او مانسہرہ ہدایت اللہ خان ایک فرض شناس اور دیانتدار آفیسر تھے عوامی و سماجی اور مذہبی حلقوں نے کہا ہے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2 5)

حکمرانوں کے چناؤ کا عمل مسجد کے امام کے چناؤ جیسا کیا جائے

جب ایسا ہی کلیہ استعمال نہیں کرتے اس وقت تک ہم مسائل سے دوچار رہیں گے، سید ریحان شاہ

پھلڑہ (نمائندہ شمال) مسجد کے امام کے چناؤ جیسا کلیہ جب تک حکمرانوں کے چناؤ کے لئے نہیں کریں گے اس وقت تک ہم مسائل سے ہی دوچار رہیں گے اقتدار میں آنے والوں سے زیادہ قصور اقتدار میں لانے والوں کا ہے ، سید (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 5)

اس ٹینور میں بلدیاتی اداروں کے ساتھ غیر جمہوری رویہ اختیار کیا گیا

اگر پھر بھی نمائندوں کو ذلیل ہی کرنا ہے تو الیکشن پر خرچ ہونے والا پیسہ عوام پر لگا دینا بہتر ہے

باڑیاں (خالد عباسی) کے پی کے میں بلدیاتی نظام کا اختتام موجود بلدیاتی نظام کے اس ٹینور میں بلدیاتی اداروں کے ساتھ غیر جمہوری رویہ اختیار کیا گیا بلدیاتی نظام جو جمہوریت کی نرسری کہلاتا ہے چیئرمین قاصد عباسی اسے پی ٹی آئی حکومت کے دو وزرائے اعلیٰ نے بار بار وعدوں کے باوجود نہ تو فنڈز دیئے اور نہ ہی تحصیل گورنمنٹ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4 5)

زندگی میں اعتماد ایک خوبصورت جذبہ ہے

تحریر: سردار زری تبسم کڑلال

زندگی میں اعتماد ایک خوبصورت جذبہ ہے، مگر اسے عقل اور احتیاط کے بغیر اپنایا جائے تو یہی خوبی کمزوری بن جاتی ہے۔ انسان اکثر یہ سمجھتا ہے کہ جو لوگ اس کے قریب ہیں وہ کبھی نقصان نہیں پہنچا سکتے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ سب سے گہری چوٹ اکثر اپنوں ہی کی طرف سے ملتی ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہر رشتے پر شک کیا جائے، بلکہ یہ سیکھنا ضروری ہے کہ اعتماد کے ساتھ سمجھداری بھی لازم ہے۔

زندگی کے سفر میں انسان بہت سے لوگوں سے ملتا ہے۔ کچھ لوگ وقتی طور پر ساتھ چلتے ہیں، کچھ لوگ تھوڑا زیادہ عرصہ ساتھ دیتے ہیں، اور کچھ ایسے ہوتے ہیں جو زندگی کے کسی موڑ پر ہمیں کوئی ایسا سبق دے جاتے ہیں جو ہمیشہ یاد رہتا ہے۔ اکثر یہی سبق ہمیں مضبوط بناتے ہیں۔ انسان جب پہلی بار دھوکہ کھاتا ہے تو اسے بہت تکلیف ہوتی ہے، لیکن یہی تکلیف اس کی سوچ کو بدل دیتی ہے۔

اصل کامیابی یہ نہیں کہ انسان کبھی غلطی نہ کرے۔ اصل کامیابی یہ ہے کہ انسان اپنی غلطیوں سے سیکھ لے۔ جو لوگ ہرنا کامی کے بعد خود کو سنبھال لیتے ہیں، وہی اصل میں آگے بڑھتے ہیں۔ زندگی کی سب سے بڑی طاقت یہی ہے کہ یہ ہمیں ہر دن ایک نیا موقع دیتی ہے۔

انسان اگر چاہے تو ہر مشکل کو ایک سبق میں بدل سکتا ہے۔ جب کوئی ہمیں دھوکہ دیتا ہے تو وہ دراصل ہمیں ایک حقیقت سکھا رہا ہوتا ہے: ہر مسکراہٹ کے پیچھے خلوص نہیں ہوتا، اور ہر قریبی شخص ہمیشہ وفادار نہیں ہوتا۔ یہ سچائی اگرچہ تلخ ہوتی ہے، مگر یہی تلخی انسان کو حقیقت پسند بناتی ہے۔

دانشمند انسان وہ نہیں جو ہر کسی پر فوراً اعتماد کر لے۔ بلکہ دانشمند وہ ہے جو لوگوں کو سمجھنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ وہ جانتا ہو کہ کہاں دل کی سننی ہے اور کہاں عقل کی۔ یہی توازن زندگی کو متوازن بناتا ہے۔

بعض اوقات خاموشی بھی سب سے بڑی حکمت ہوتی ہے۔ ہر بات کا جواب دینا ضروری نہیں ہوتا۔ کچھ باتیں وقت پر چھوڑ دینا بہتر ہوتا ہے۔ کیونکہ وقت اکثر وہ سچ سامنے لے آتا ہے جو الفاظ نہیں لا سکتے۔

انسان کی اصل طاقت اس کے کردار میں ہوتی ہے۔ اگر انسان کا دل صاف ہو، نیت سچی ہو اور ارادہ مضبوط ہو تو دنیا کی کوئی مشکل اسے زیادہ دیر تک روک نہیں سکتی۔ زندگی میں بہت سے لوگ آئیں گے، کچھ ہمیں آگے

بڑھائیں گے اور کچھ ہمیں روکنے کی کوشش کریں گے۔ لیکن اصل فیصلہ ہمیشہ ہمارے اپنے ہاتھ میں ہوتا ہے۔

ہر زخم انسان کو کمزور نہیں کرتا۔ بعض زخم انسان کو پہلے سے زیادہ مضبوط بنا دیتے ہیں۔ جب انسان تکلیف کے بعد بھی کھڑا ہو جائے، تو اس کی شخصیت میں ایک نئی پختگی آ جاتی ہے۔ یہی پختگی اسے زندگی کے اگلے امتحان کے لیے تیار کرتی ہے۔

اعتماد کرنا برا نہیں، مگر اندھا اعتماد اکثر نقصان پہنچاتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ انسان اپنے دل کو نرم رکھے مگر اپنی عقل کو بیدار رکھے۔ دل ہمیں انسان بناتا ہے اور عقل ہمیں محفوظ رکھتی ہے۔ جب یہ دونوں ساتھ چلیں تو زندگی متوازن ہو جاتی ہے۔

بہت سے لوگ زندگی میں صرف اس لیے پیچھے رہ جاتے ہیں کیونکہ وہ ایک دھوکے کے بعد ٹوٹ جاتے ہیں۔ لیکن جو لوگ اس دھوکے کو ایک سبق بنا لیتے ہیں، وہی آگے جا کر مضبوط انسان بنتے ہیں۔ دنیا ہمیشہ مضبوط لوگوں کو یاد رکھتی ہے، نہ کہ ان لوگوں کو جو مشکل میں ہار مان لیتے ہیں۔

زندگی کی سب سے بڑی خوبصورتی یہی ہے کہ یہ ہمیں بدلنے کا موقع دیتی رہتی ہے۔ ہر دن ایک نیا آغاز ہو سکتا ہے، اگر انسان چاہے تو۔ ماضی کی غلطیاں مستقبل کی کامیابیوں کی بنیاد بھی بن سکتی ہیں، بشرطیکہ انسان ان سے سیکھنے کی ہمت رکھتا ہو۔

کبھی کبھی انسان کو رک کر اپنے اردگرد دیکھنا چاہیے۔ یہ سمجھنا چاہیے کہ کون لوگ واقعی مخلص ہیں اور کون صرف وقتی فائدے کے لیے قریب آئے ہیں۔ جب انسان یہ فرق سمجھ لیتا ہے تو اس کی زندگی بہت آسان ہو جاتی ہے۔

خاموش مشاہدہ اکثر شور مچانے سے زیادہ طاقتور ہوتا ہے۔ جو لوگ زیادہ بولنے کے بجائے زیادہ دیکھتے اور سمجھتے ہیں، وہ اکثر زندگی میں زیادہ کامیاب ہوتے ہیں۔ کیونکہ وہ فیصلے جذبات سے نہیں بلکہ سمجھداری سے کرتے ہیں۔

اصل مضبوطی یہ نہیں کہ انسان کبھی نہ روئے۔ اصل مضبوطی یہ ہے کہ انسان آنسو پونچھ کر دوبارہ کھڑا ہو جائے۔ یہی وہ لمحہ ہوتا ہے جب انسان اندر سے پہلے سے زیادہ طاقتور بن جاتا ہے۔

انسان کی اصل پہچان اس کے مشکل وقت میں سامنے آتی ہے۔ آسان وقت میں تو ہر کوئی ساتھ ہوتا ہے، لیکن مشکل وقت ہمیں بتاتا ہے کہ ہمارے اصل ساتھی کون ہیں۔ یہی تجربات ہمیں لوگوں کو پہچاننا سکھاتے ہیں۔

اگر انسان یہ سیکھ لے کہ کب بولنا ہے اور کب خاموش رہنا ہے، تو وہ زندگی کے بہت سے مسائل سے بچ سکتا ہے۔ ہر سچ ہر وقت کہنا ضروری نہیں ہوتا، اور ہر خاموشی کمزوری نہیں ہوتی۔

زندگی ایک استاد کی طرح ہے۔ کبھی یہ ہمیں خوشیوں سے سکھاتی ہے اور کبھی آزمائشوں سے۔ لیکن ہر سبق کا مقصد یہی ہوتا ہے کہ انسان پہلے سے بہتر بن جائے۔

جو لوگ اپنے تجربات سے سیکھتے ہیں، وہ وقت کے ساتھ ساتھ زیادہ سمجھدار ہو جاتے ہیں۔ ان کے فیصلوں میں پختگی آ جاتی ہے اور ان کی شخصیت میں ایک وقار پیدا ہو جاتا ہے۔

آخر کار کامیاب انسان وہ نہیں جو کبھی گرتا نہیں، بلکہ وہ ہے جو ہر بار گرنے کے بعد دوبارہ کھڑا ہو جاتا ہے۔ یہی وہ حوصلہ ہے جو انسان کو عام لوگوں سے مختلف بناتا ہے۔

اپنے دل کو نرم رکھیں، مگر فیصلوں میں مضبوط رہیں۔ لوگوں سے محبت کریں، مگر اپنی عزتِ نفس کو کبھی قربان نہ کریں۔ کیونکہ جو انسان خود کی قدر کرنا سیکھ لیتا ہے، دنیا بھی اس کی قدر کرنے لگتی ہے۔

زندگی کا اصل راز یہی ہے کہ انسان سیکھتا رہے، آگے بڑھتا رہے اور ہر تجربے کو اپنی طاقت بنا لے۔ جب انسان یہ ہنر سیکھ لیتا ہے تو کوئی مشکل اس کا راستہ نہیں روک سکتی۔ اور یہی شعور انسان کو کمزور نہیں بلکہ ناقابلِ شکست بنا دیتا ہے۔

غور و فکر کرنے کی متقاضی صورت حال

حصہ دوئم

ان کی طرف سے ان کے لیے آفیشلی فیلڈ مارشل لقب کا اعلان اور بھارتی ہار کا اظہار ہی کروا دیں اور تو اور تمام دنیا کے ممالک سے آفیشلی طور پر عاصم منیر کو فیلڈ مارشل اعزاز دلوا دیں۔ کیا مسٹر ٹرمپ یہ کریں گے یا کر سکتے ہیں یا دنیا مانے گی اہم سوال یہ ہے وگرنہ ٹرمپ کی باتیں دل بہلانے کے لیے غالب خیال اچھا ہے اس کے علاوہ اور کچھ حیثیت نہیں رکھتی ہیں۔ نہ جانے ٹرمپ کے وہ کیا خواب ہیں یا کیا ارادے ہیں کہ نصف سنچری جتنی بار بار تکرار کی طرح ایک ہی طیارے تباہی بات دہرائے جا رہے ہیں۔ یہ چیز ٹرمپ کے معیار کو کس حد تک بڑھا رہی ہے کا تو پتہ نہیں مگر پاکستانی کردار ضرور مشکوک بنا رہی ہے۔ آخر کیا مصیبت آن پڑی ہے کہ سپر پاور امریکا بالخصوص امریکی صدر ٹرمپ بھی پاک بھارت جنگ اور پاکستان کے ہاتھوں بھارتی طیاروں کی تباہی کی خبروں کے حصار سے ہی باہر نہیں نکل رہے اور یہ بار بار بتا رہے ہیں۔ کیا ان کو اپنی بات پر یقین نہیں ہے یا معاملہ کچھ اور ہے جس کی بار بار پردہ داری ضروری ہے کہ ٹرمپ کو یہ بیان دینے کے لیے بار بار میڈیا کے میدان میں کودنا پڑتا ہے اور پھر بھارت کی اس پر معنی خیز خاموشی بھی کسی بڑے راز کا پول کھول رہی ہے کہ کچھ تو ضرور ہے اس بات میں ورنہ بات تو ایک بار بھی مقام رکھتی ہے۔ دراصل امریکہ و اسرائیل پاکستان میں اپنے مفادات کے لیے گھسنا چاہتا ہے اور ہم اسے یہ موقع دے رہے ہیں۔ نہ جانے کس قیمت پر اور کیوں اور کس لیے۔ اس کے نتائج اچھے نہیں نکلیں گے۔ ملک میں افراتفری کی فضا بنے گی۔ بلوچستان جل رہا ہے اور یہ آگ اور بڑھکے گی اور یوں ملک کے گوشے گوشے میں اس بھیانک صورتحال کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ میں یہ بات اس لیے کر رہا ہوں کہ جب جب بھی ملک پر ایسا نازک مقام آیا ہے تو اس کا نتیجہ ہم نے برا ہی بھگتا ہے ہمیشہ اپنا ہی نقصان کیا ہے اور پھر اپنے ہی زخم چاٹتے پھرتے ادھر ادھر گھومتے رہتے ہیں۔ ایسے میں پھر جب کچھ سہارا نہیں ملتا تو پھر یہ کر دیا وہ کر دیا فلم سنانا ہی آخری کنارہ رہ جاتا ہے۔

تاریخ جانتی ہے کہ بلوچستان ہو یا خیبر پختون خواہ گلگت بلتستان ہو یا آزاد کشمیر آخری کنارہ ہی ہماری منزل ہے جس میں غم والم کی ندیاں بہتی نظر آتی ہیں مگر خوشی کا کوئی عنصر نمایاں نہیں ہوتا۔ افسوس اس غم والم کو قلوب و ارواح سے ہٹانے کے لیے ہمیں خوشی کا تازیانہ خود سے

بات بھارت کی تو وہ پھر خود ہی سے دم توڑ جائے گا۔ ایسے میں ہمیں افغانستان سے بھی سکھ کا سانس ملے گا اور چین بھی ہمارے ہاتھ میں رہے گا۔ اس کے علاوہ اختیار کیا گیا ہر راستہ تباہی کی طرف جائے گا اور دوستوں میں دراڑ کا سبب بنے گا۔ ہوسکتا ہے کہ شدید ناراضگی کا باعث بھی بن جائے۔ پنجابی سندھی پٹھان بلوچ اس پرچم کے سائے تلے ایک کرنا ہوں گے۔ امریکی و اسرائیلی سے بچنا ہوگا۔ ان کی چاکری پاکستان پر ظلم ہے۔ پاکستانی رعایا امریکہ اسرائیل بھارت کے حوالے سے اچھے جذبات نہیں رکھتی اور یہ ٹھیک عمل ہے کہ امریکہ اسرائیل اس قابل بھی نہیں ہے اور قابل اعتبار بھی نہیں۔ ان سے کچھ بعید نہیں کہ یہ وار کرنے سے نہیں چوکتے اور بدعہدی اور ظلم ان کی گھٹی میں بھرا ہوا ہے۔ اگر کہا جائے کہ ظلم و ستم کا دوسرا نام امریکہ و اسرائیل ہے تو بے جا نہ ہوگا۔ امریکہ کی طرف سے کیا گیا 21 نکاتی غزہ امن معاہدہ بھی دراصل مسلمانوں کو دیا ہوا ایک خوشنما فریب ہے جس کی حقیقت بہت جلد سامنے آ جائے گی کہ کس اسلامی ملک نے کیا اور کیسا کردار ادا کیا ہے اور اس ہولناک معاہدے کے اثرات بدبھی سب کے سامنے آ جائیں گے۔ بات ہو رہی تھی عمران خان کی آنکھوں اور حکومتی پریشانی کی تو عرض یہ ہے کہ پاکستانی سرکار سابق وزیراعظم عمران خان کا عدم اعتماد کروا کر اور بعد ازاں ان کو سائفر توشہ خانہ القادر ٹرسٹ نومئی جھوٹے کیسز کی آڑ میں پابند سلاسل تو کر گئی ہے مگر اب جیل میں بھی عمران خان کو سنبھالنے سے مکمل عاری ہوتی جا رہی ہے۔ عمران پہلے باہر تھے تو قابو سے باہر تھے اور اب جیل میں ہیں تو قید کرنے والوں کو حقیقی جیل میں کرتے زیادہ نظر آتے ہیں۔ عمران خان باہر بھی ان کے لیے خوفناک تھے اور اب جیل میں بھی ان کے لیے ایک ڈراونا خواب بنے ہوئے ہیں۔ آٹھ فروری 2026 کا عوامی احتجاج بھرپور تھا پنجاب میں پتنگ بازی کا ذریعہ بن گیا۔ عمران خان کی صورتحال کی سمت کا تعین کرنے ہی والا تھا ہی بجانا پڑتا ہے اور یہ صورتحال واقفان حال کے مطابق حوصلہ افزا نہیں مقام عبرت ہے۔ خوشحال ترقی یافتہ پاکستان کے لیے ہمیں امریکی و اسرائیلی حصار سے نکلنا ہوگا اور رہی کہ عمران خان کے ساتھ کیا کیا جائے کہ ان کی آڈیالہ سے ان کے گھر بنی گالہ منتقلی یا رہائی کا پروانہ دونوں صورتیں زیر غور ہیں۔ ویسے کچھ نہ بھی ہوا تو جلد یا بدیر عمران خان عدالتوں سے بھی بخوبی اور باسانی سرخرو ہوتے نظر آتے ہیں۔ اب تک ان کی رہائی میں رکاوٹ ان کے کیسز کا عدالتوں میں نہ لگنا ہے اور یہ بات حکومت وقت بھی جانتی ہے اور ان کے چیلے چانٹے بھی۔ یہی بات حکومتی پریشانی کا اصل سبب ہے کہ انتہائی عجلت اور بے بسی میں سمجھ نہیں پا رہی کہ کون سا راستہ درست اور لاج برقرار رکھ لینے والا۔ عمران خان کی جیل سے بنی گالہ منتقلی یا رہائی دونوں ممکن ہے مگر اس کے بعد کیا ہوگا۔ حکومت پریشانی کا اصل معاملہ یہ ہے۔ حکومت جانتی ہے کہ عمران خان ہم سے پابند سلاسل حالت میں قابو میں نہیں آیا۔ آزاد ہو گیا تو کتنا خطرناک ہوگا۔ یاد رہے عمران خان کی رہائی میں کوئی پارٹی ورکر یا ان کی بہن رکاوٹ نہیں حکومت خود ہے۔ گل جانے یا نہ جانے باغ سارا جانے۔ حکومت عمران خان کو ریلیف نہیں ان سے جان چھڑانے کی خواہش مند نظر آتی ہے مگر عمران خان وطن چھوڑنے کے لیے اور میڈیکل گراؤنڈ پر رہائی کے لیے تیار نہیں ہیں اور امریکی ڈکٹیشن بھی مانتے نہیں ہیں تو ایسے میں ان کی ان کے گھر بنی گالہ منتقلی تو ہوسکتی ہے مگر رہائی لٹکتی ہوئی نظر آتی ہے۔ امریکن صدر ٹرمپ جن سے عمران پارٹی کو بڑی امیدیں وابستہ تھیں بھی اب امریکن مفادات کے ہاتھوں مجبور ہیں۔ وہ بھی سمجھتے ہیں کہ عمران ان کے ہاتھ سے نکل گیا۔ امریکی احکامات نہیں مانیں گے اس لیے اب امریکی ایجنسی سی ائی اے کے دباؤ میں عمران سے ہاتھ اٹھا چکے ہیں اور اور موجودہ سول و عسکری ذمہ داروں پر رکھ چکے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ یہ لوگ ہمارے غلام ہیں احکامات بجالائیں گے۔ اس وقت ملک میں بڑی بے چینی پائی جاتی ہے کہ سول و عسکری قیادت تبدیل ہو مگر مسئلہ یہ ہے کہ اب تک کے جتنے بھی پاک امریکہ شاندار معاہدے تشکیل پائے ہیں ان کے بینیفیشری موجودہ حکومت سرکار کے لوگ ہیں۔ ان کی تبدیلی تمام پاک امریکہ معاہدوں کو سبوتاژ کرنے والی بات ہے۔ اس لیے امریکہ سرکار سابق وزیراعظم عمران خان کی رہائی میں سنجیدہ بھی نہیں ہے اور دلچسپی بھی نہیں رکھتی ہے اور یہی ایک بات حکمران ٹولے کے مفاد میں جاتی ہے وگرنہ ملک کے طول و عرض میں اس ٹولے بارے حالات اور عوامی ذہن خراب ہو چکے ہیں۔ اخلاقی دوالیہ پن کا جنازہ نکل چکا ہے بس تدفین باقی ہے

اعلان لاتعلقی و عاق نامہ

ہر خاص و عام کو اطلاع کی دی جاتی ہے کہ یاسر وحید ولد عبد الوحید عباسی سکنہ مانسہرہ عمر 12 سال سے معاشی لین دین میں خود مختار ہے اور اپنے نفع و نقصان کا خود ذمہ دار ہے اس کے معاشی لین دین یا نفع و نقصان کا مجھ سے میرے بیٹوں عبدالناصر وحید، عبدالباسط وحید اور میرے خاندان سے کوئی تعلق نہ تھا اور نہ ہے۔ اب بوجہ نافرمانی میں یاسر وحید کو اپنی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں میں اور میرے گھر کے تمام افراد یاسر وحید کے آج سے اور اس سے پہلے کے بھی تمام معاشی و معاشرتی معاملات سے اعلان لاتعلقی کرتے ہیں اس سے معاملات کرنے والے خود ذمہ دار ہوں گے

منجانب: **عبد الوحید عباسی** سکنہ محلہ گرلز ہائی اسکول مانسہرہ

اطلاع عام

میرے والد محمد ریاض ولد رحمت اللہ سکنہ گڑھی حبیب اللہ وفات پا چکے ہیں چن کے شرعی ورثا میں نیاز مین بی بی زوجہ محمد ریاض مرحوم، قیصر ولد محمد ریاض، سنیہ ریاض، عروج ریاض، حرا ریاض دختران محمد ریاض کے علاوہ کوئی بھی شرعی وراث نہیں اگر کسی کو اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر حلقہ پٹوار میں پیش ہو بعد میں کوئی عذر قبول نہیں کیا جائے گا۔

منجانب: قیصر ولد محمد ریاض مرحوم سکنہ گڑھی حبیب اللہ

بعدالت جناب ارم عائشہ صاحبہ سینئر سول جج ہری پور
عنوان: محمد زمان بنام عوام الناس، پیشی 18-03-2026
محمد زمان ولد الٰہی بخش سکنہ مکان نمبر 196، سٹریٹ نمبر 1 محلہ پیر کالونی، سنٹرل جیل، تحصیل و ضلع ہری پور (درخواست گارڈین۔ محمد ذوالقرنین، محمد حسن حسن، محمد یاسین نابالغان پسران ذاکر حسین سکنہ مکان نمبر 196، سٹریٹ نمبر 1 محلہ پیر کالونی، سنٹرل جیل، تحصیل و ضلع ہری پور)
نوٹس ب

بقیہ 1 فیصلہ

خارج کر دی ہے۔سیشن جج حویلیاں نے یہ فیصلہ سناتے ہوئے واضح کیا کہ قانون کی نظر میں سب برابر ہیں اور کیس کی نوعیت کے پیش نظر ضمانتیں منظور نہیں کی جا سکتیں۔ گرفتار شدگان میں ثنا اللہ ولد افتخار، احسن ولد الیاس اور محبّ شامل ہیں جو ایف آئی آر کے مرکزی ملزمان ہیں۔ان کے علاوہ عثمان غنی اور احسان اللہ نامعلوم افراد کے طور پر مقدمے میں شامل کیے گئے تھے جن کی ضمانتیں خارج ہوئیں۔ عبداللہ کی جانب سے معروف وکلا ایڈووکیٹ عقیل خان اور حمزہ خان پیش ہوئے، جبکہ ملزمان کی پیروی ایڈووکیٹ عاطف خان نے کی۔ پولیس اور ڈاکٹرز کے کردار کے خلاف متعدد بار احتجاج بھی ہوتا رہا ہے اور ان پر کیس خراب کرنے کے الزامات بھی لگتے رہے ہیں۔ تاہم یاد رہے کہ اس کیس میں ایک مرکزی ملزم اسامہ ولد الیاس سمیت تین مزید نامعلوم افراد کی گرفتاری اب تک عمل میں نہیں لائی جا سکی۔ یہ فیصلہ عدالتی تاریخ میں ایک اہم قدم سمجھا جا رہا ہے جو انصاف کی بالادستی کو یقینی بناتا ہے

بقیہ 2 تفتیش شروع

خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی

بقیہ 3 واپس

اکثر نے اپنے خاندان واپس بھیج دیئے ہیں جبکہ خود یہاں مقیم ہیں، متعدد جگہوں پر ٹولیوں کی شکل میں خواتین کو ہراساں کرتے ہوئے نظر آتے ہیں، مین بازار میں بھی کئی جگہوں پر خواتین کو ہراساں کرتے ہوئے افغان مہاجرین کو پکڑا گیا ہے، ڈی پی او ہر ہیپور شفیع اللہ گنڈاپور سے پرزور اپیل ہے کہ اس معاملے کا فوری نوٹس لیا جائے اور غیر قانونی طور پر مقیم افراد کے خلاف مؤثر کارروائی کی جائے تاکہ عید کی خریداری کے دوران شہریوں خصوصاً خواتین اور فیملیز کو محفوظ اور پرامن ماحول میسر آ سکے۔

بقیہ 4 ہسپتال

تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور زیر علاج مریضوں سے بھی ملاقات کرتے ہوئے انہیں فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔اس موقع پر طبی عملے کو سختی سے ہدایت کی گئی کہ عیدالفطر کے ایام میں ڈاکٹرز، پیرا میڈیکل اسٹاف اور دیگر عملے کی حاضری ہر صورت یقینی بنائی جائے اور ہسپتال میں ادویات سمیت تمام بنیادی طبی سہولیات کی دستیابی برقرار رکھی جائے۔مزید ہدایت کی گئی کہ عید کے دنوں میں ہسپتال کی ایمرجنسی اور دیگر طبی خدمات مکمل طور پر فعال رکھی جائیں تاکہ عوام کو بروقت اور بلاتعطل طبی سہولیات میسر آ سکیں۔بعد ازاں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کوزہ بانڈہ بازار کا دورہ کرتے ہوئے مختلف میڈیکل سٹورز کا معائنہ کیا جہاں ادویات کی ایکسپائری ڈیٹ، لائسنس اور دیگر قانونی تقاضوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ معائنے کے دوران بغیر لائسنس میڈیکل پریکٹس کرنے والوں کو سختی سے متنبہ کیا گیا کہ وہ شہریوں کی صحت سے کھیلنے سے باز رہیں اور فوری طور پر غیر قانونی سرگرمیاں بند کریں۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ غیر قانونی میڈیکل پریکٹس کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور اس کے خلاف کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گی۔ ضلعی انتظامیہ نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنا طبی معائنہ صرف مستند اور رجسٹرڈ ایم بی بی ایس (MBBS) ڈاکٹرز سے ہی کروائیں تاکہ کسی بھی ممکنہ طبی نقصان سے محفوظ رہا جا سکے۔

بقیہ 5 شرکت

متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں عوام کے محفوظ، پرامن اور خوشگوار ماحول میں عید منانے کے لیے انتظامی اور حفاظتی امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ سیاحتی مقامات پر آنے والے سیاحوں کی رہنمائی اور سہولت کے لیے ٹورسٹ فیسلیٹیشن ڈیسک قائم کیے جائیں گے جبکہ عیدگاہوں، بازاروں، سیاحتی مقامات اور اہم شاہراہوں پر خصوصی سکیورٹی اور ٹریفک پلان نافذ کیا جائے گا۔ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے مخصوص پارکنگ مقامات مختص کیے جائیں گے اور پبلک ٹرانسپورٹ میں کرایوں کی نگرانی کے لیے آر ٹی اے کے خصوصی ڈیسک فعال رہیں گے تاکہ زائد کرایہ وصول کرنے والوں کے خلاف بروقت کارروائی کی جا سکے۔ اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ اپنی تحصیلوں میں پٹرول اور ڈیزل کے اسٹاک کی مسلسل نگرانی کریں تاکہ عید کے دوران کسی قسم کی کمی نہ ہو۔عوام کے تحفظ کے لیے ضلع بھر میں دفعہ 144 نافذ ہے جس کے تحت ہوائی فائرنگ، اسلحہ کی نمائش، ون ویلنگ اور موٹر سائیکل پر خطرناک کرتب، ٹنٹڈ شیشوں والی گاڑیاں اور حفاظتی انتظامات کے بغیر کشتی رانی پر پابندی ہوگی۔ ضلعی انتظامیہ، پولیس اور تمام متعلقہ محکمے ہائی الرٹ رہیں گے تاکہ شہری عید کے دنوں میں مکمل تحفظ کے ساتھ اپنے عزیز و اقارب کے ساتھ خوشیاں منا سکیں۔ضلعی انتظامیہ نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ قانون کی پابندی کریں اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں تاکہ عید کی خوشیاں ایک محفوظ، پرامن اور خوشگوار ماحول میں منائی جا سکیں۔

بقیہ 6 ہدایات

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مانسہرہ محمد اظہر خان نے ٹریفک پولیس کو ہدایات جاری کر دی ہیں۔ ڈی پی او مانسہرہ کی جانب سے عیدالفطر کے تیسرے دن تک اس حوالے سے سخت کارروائی عمل میں لانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ڈی پی او مانسہرہ نے ٹریفک سٹاف کو ہدایت کی کہ ٹرانسپورٹ اڈوں کے منشی حضرات کو بھی اس حکم کی تعمیل کا پابند بنایا جائے اور اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ کوئی بھی ڈرائیور یا اڈہ مالک گاڑیوں کی مصنوعی کمی پیدا کر کے مسافروں سے زائد کرایہ وصول نہ کرے۔انہوں نے مزید کہا کہ عیدالفطر کے پرمسرت موقع پر دیگر شہروں سے اپنے گھروں کو واپس آنے والے شہریوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنا پولیس کی ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔اسی سلسلے میں ٹریفک پولیس مانسہرہ نے ضلع بھر میں مسافر بردار گاڑیوں کو مختلف مقامات پر روک کر چیکنگ شروع کر دی ہے اور مسافروں سے زائد کرایہ وصولی کے حوالے سے معلومات حاصل کیں گئی

بقیہ 7 پیغام

جنہیں 8558 سے تصدیقی پیغام موصول ہوا ہے لیکن ان کے شناختی کارڈ نمبر میں تین یا اس سے کم ہندسوں کی تصحیح درکار ہے، ان سے گزارش ہے کہ وہ دفتری اوقات میں ڈپٹی کمشنر آفس ایبٹ آباد میں اپنے شناختی کارڈ کی کاپی پر اپنا موبائل نمبر درج کر کے جمع کروائیں۔تصحیح کے بعد مستحق افراد کے درست شناختی کارڈ پر 12,500 روپے منتقل کر دیے جائیں گے۔اسی طرح اگر کسی مستحق فرد کی معذوری، بڑھاپے یا دیگر وجوہات کی بنا پر بائیومیٹرک تصدیق ممکن نہ ہو یا مستحق فرد انتقال کر گیا ہو، تو ایسی صورت میں رقم خاندان کے کسی دوسرے اہل فرد کو منتقل کی جا سکتی ہے۔ اس مقصد کے لیے متعلقہ فرد نادرا سے فیملی رجسٹریشن سرٹیفکیٹ (FRC) حاصل کر کے اس میں خاندان کے کسی ایک فرد کو نامزد کرے اور اس کے ساتھ اپنا موبائل نمبر اور اس فرد کا شناختی کارڈ نمبر درج کر کے درخواست ڈپٹی کمشنر آفس ایبٹ آباد میں جمع کروائے۔ تفصیلات کی تصدیق کے بعد مالی امداد خاندان کے نامزد فرد کو منتقل کر دی جائے گی۔ضلعی انتظامیہ نے مستحق شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ مذکورہ ہدایات کے مطابق اپنی تفصیلات بروقت جمع کروائیں تاکہ انہیں رمضان ریلیف پیکج سے مستفید ہونے میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 8 تقویت

کھلونا اسلحہ کی فروخت پر پابندی عائد کیے جانے کے باوجود متعدد دکانوں پر یہ اشیا کھلے عام فروخت کے لیے رکھی گئی ہیں۔شہریوں کے مطابق شہر کے مختلف بازاروں، شاپنگ مالز اور محلوں کی چھوٹی دکانوں پر پلاسٹک پستول، رائفلیں اور دیگر کھلونا اسلحہ بڑی تعداد میں دستیاب ہیں۔خاص طور پر عید کی خریداری کے دنوں میں بچوں کی توجہ حاصل کرنے کے لیے دکاندار ان کھلونوں کو نمایاں طور پر سجا کر رکھتے ہیں۔مقامی افراد کا کہنا ہے کہ کھلونا اسلحہ بچوں میں تشدد کے رجحان کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ شور شرابے اور بعض اوقات خوف و ہراس کا سبب بھی بنتا ہے۔ اسی وجہ سے حکومت اور ضلعی انتظامیہ نے اس کی فروخت پر پابندی عائد کی تھی تاہم اس پر مؤثر عملدرآمد نظر نہیں آ رہا۔شہریوں نے نشاندہی کی ہے کہ مانسہرہ کے مختلف بازاروں کے علاوہ بعض رہائشی محلوں میں قائم چھوٹی دکانوں اور عارضی سیل پوائنٹس پر بھی کھلونا اسلحہ فروخت کیا جا رہا ہے۔اس صورتحال پر عوامی حلقوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ سے فوری کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔عوام کا کہنا ہے کہ اگر پابندی عائد کی گئی ہے تو اس پر سختی سے عملدرآمد بھی یقینی بنایا جائے تاکہ بازاروں میں کھلونا اسلحہ کی فروخت روکی جا سکے۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ، پولیس اور متعلقہ اداروں سے اپیل کی ہے کہ وہ مارکیٹوں کا دورہ کر کے ایسے دکانداروں کے خلاف کارروائی کریں جو پابندی کے باوجود کھلونا اسلحہ فروخت کر رہے ہیں۔ دوسری جانب شہری حلقوں نے یہ بھی مطالبہ کیا ہے کہ عید کے موقع پر بچوں کے لیے مثبت اور تعلیمی نوعیت کے کھلونوں کو فروغ دیا جائے تاکہ معاشرے میں پرامن سرگرمیوں کو تقویت مل سکے۔

بقیہ 9 منتقل

کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار 19 سالہ علی حسن سکنہ چمبا اور راگیر 50 سالہ عارف سکنہ مگری زخمی ہوگیا، ریسکیو 1122 ہری پور کی میڈیکل ٹیم نے زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرتے ہوئے ٹراما سینٹر منتقل کر دیا۔

بقیہ 10 ریسکیو

اسسٹنٹ کمشنر خانپور، ڈی ایس پی خانپور اور ٹی ایم او خانپور کے ہمراہ خانپور ڈیم کا وزٹ کیا، اسٹیشن ہاؤس انچارج خانپور وہاب نے اسسٹنٹ کمشنر خانپور کو عیدالفطر کے موقع پر ریسکیو 1122 کی جانب سے خانپور ڈیم پر قائم کیے جانے والے کیمپ سے متعلق بریفنگ دی جس پر ضلعی انتظامیہ نے اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ 11 سبزی منڈی

کے ہمراہ علی الصبح سبزی و فروٹ منڈی کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے سبزیوں اور پھلوں کی نیلامی) بولی (کے عمل کی خود نگرانی کی اور مختلف اشیا کی قیمتوں، معیار اور دستیابی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ فنانس آفیسر نے آڑھتیوں اور تاجروں کو ہدایت کی کہ سرکاری نرخنامے کے مطابق اشیائے خوردونوش فروخت کی جائیں تاکہ شہریوں کو مناسب قیمتوں پر معیاری اشیا کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔عبداللہ خان نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ ماہِ رمضان کے دوران قیمتوں اور نیلامی کے عمل کی مسلسل نگرانی جاری رکھی جائے تاکہ ناجائز منافع خوری کی شکایات کا سدباب کیا جا سکے اور عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 12 رقم

زرائع کے مطابق صوبے کے کئی شہروں میں حکومتی امدادی پیکج کے تحت 12500 روپے کی رقم ملنے کی خبریں آ رہی ہیں اس حوالہ سے ہزارہ ڈویژن کے بعض شہروں میں بھی کچھ لوگوں کو صوبائی حکومتیں پیکج کی رقم آنے کے میسج آ رہے ہیں مگر مانسہرہ کے عوام کی بڑی تعداد اب تک اس پیکج سے نہ صرف محروم ہے بلکہ بلکہ متوسط طبقہ اور غریب و مستحق لوگوں کی اکثریت ابھی تک حکومتی رقم کا امدادی پیکج ملنے کی منتظر ہے جبکہ دوسری طرف سسٹم کی خرابی و دیگر وجوہات بتانے اور ٹال مٹول کا سلسلہ بھی جاری ہے مگر عوامی ریلیف پر گہری نظر رکھنے والے تجزیہ کاروں کی نگاہیں اس چیز پر مرکوز ہیں کہ اس مرتبہ صوبے کے مستحق خاندانوں کیلئے آنے والا امدادی 1250 رقم کا پیکج غریب و کم آمدنی والے مستحق لوگوں کو ملے گا یا اس امدادی پیکج سے روایتی طور پر ایک بار پھر غیر مستحق لوگوں کی اکثریت ہی فائدہ اٹھانے میں کامیاب ہوگی

بقیہ 13 شناخت

کوہستان پولیس یا ریسکیو حکام سے رابطہ کر سکتے ہیں تاکہ شناخت کا عمل مکمل کیا جا سکے یا پر کوہستان انتظامیہ سے رابطہ کریں

بقیہ 14 جاں بحق

چھتر پلین سے تھا اور وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے گزشتہ روز سوا پانچ بجے دونوں نوجوانوں کی نماز جنازہ بھی ادا کر دی گئی۔

بقیہ 15 لنگرہ پل

جانب سے شہر میں داخلے کی اجازت نہیں ہوگی جبکہ لنگرہ پل کی جانب سے آنے والی ٹریفک کو شہر میں داخل ہونے کی اجازت دی جائے گی۔ اس پلان کے تحت ٹریفک لنگرہ پل کی طرف سے شہر میں داخل ہو کر مین امیر معاویہ چوک سے گزرتی ہوئی مین بازار سے گزرے گی اور بعد ازاں دوراہا کے مقام سے شہر سے باہر نکلے گی۔انتظامیہ کے مطابق عید تک شہر میں مکمل طور پر ون وے ٹریفک سسٹم نافذ رہے گا تاکہ رش کو کم کیا جا سکے اور شہریوں کو آمد و رفت میں سہولت فراہم کی جا سکے۔تاجروں اور شہریوں سے گزارش ہے کہ غیر قانونی پارکنگ سے گریز کریں اور ٹریفک قوانین پر عمل کریں۔نوٹ ایمبولینس اور فائر بریگیڈ کو ہنگامی صورتحال میں اس پلان سے استثنیٰ حاصل ہوگا

بقیہ 16 فاتحہ خوانی

کے روح کے ایصال ثواب کے فاتحہ خوانی اور لواحقین کے لئے صبر و جمیل کی دعا کی۔مرحومہ محمد ہارون واپڈا والے کی والدہ تھیں۔

بقیہ 17 پیکیج

میاں شہباز شریف کے رمضان پیکیج تیرہ ہزار کے منتظر ہیں اور در در کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں، عوامی حلقے

بقیہ 18 تجاوزات

سینئر نائب صدر ارسلان خان نے بھی غیر قانونی تجاوزات کرنے والوں کو وارننگ دی عوامی حلقوں کا خیر مقدم

بقیہ 19 ٹرانسپورٹ

اضلاع میں نافذ العمل ہے۔کمشنر ہزارہ نے ہدایت کی کہ عید سے قبل اور بعد تین دنوں کے دوران ٹرانسپورٹ اڈوں اور گاڑیوں کی سخت مانیٹرنگ کی جائے اور زائد کرایہ وصول کرنے والوں کے خلاف مروجہ قوانین کے تحت کارروائی کی جائے۔انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ خصوصی پرائس مجسٹریٹس، ٹریفک پولیس اور ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے عملے کے ہمراہ مشترکہ چیکنگ یقینی بنائیں۔کمشنر ہزارہ نے مزید ہدایت کی کہ تمام بڑے اڈوں پر نئے کرایہ نامے نمایاں طور پر آویزاں کیے جائیں اور عید کے دنوں کے لیے ڈیوٹی روسٹر اور متعلقہ اہلکاروں کے موبائل نمبرز عوامی شکایات کے اندراج کے لیے نمایاں مقامات پر لگائے جائیں۔ اس کے علاوہ اڈوں پر شکایتی سیل بھی قائم کیے جائیں تاکہ اوور چارجنگ سے متعلق شکایات کا فوری ازالہ ممکن بنایا جا سکے۔کمشنر ہزارہ نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ، ٹریفک پولیس اور متعلقہ محکمے باہمی رابطہ مضبوط رکھیں تاکہ عید کے دنوں میں سفر کرنے والے شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کی جا سکے اور حکومت کے مقررہ کرایوں پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جا سکے۔اجلاس میں ایبٹ آباد، ہری پور، مانسہرہ اور بٹگرام کے ڈپٹی کمشنرز، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسرز اور تحصیل میونسپل آفیسرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔

بقیہ 20 رش

رش اور عوام کی حفاظت کو یقینی بنانے کے سلسلے میں کیا گیا۔دورے کے دوران سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا گیا اور مارکیٹ میں اضافی نفری تعینات کرنے کے اقدامات کو حتمی شکل دی گئی، تاکہ عوام بلاخوف خریداری کر سکیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری ردعمل ممکن ہو۔

بقیہ 21 مثال

ساتھ پیش آ کر ایک مثال قائم کر دی ہے اس موقع پر اہلیان نواں شہر کے ایک وفد نے سینئر کرائم رپورٹر وقاص باکسر سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسماعیل اعوان ایک فرض شناس آفیسر ہے جو اس سے قبل بھی ضلع بھر کے تھانہ جات میں بطور محرر اپنے فراض احسن طریقے سے سرانجام دے چکے ہیں ایسے ہی نوجوان اہلکار اپنے محکمے کا مورال بلند کر کے محکمے کا نام روشن کرتے ہیں

بقیہ 22 سعادت

سعادت حاصل کرنے پر ان کے دوست احباب، ساتھی افسران اور صحافتی برادری میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے، مبارکباد دینے والوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سعید یدون کے عمرہ کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے، ان کی عبادات اور دعاؤں کو قبول فرمائے اور انہیں صحت و سلامتی کے ساتھ مزید کامیابیاں نصیب کرے۔

بقیہ 23 اضافہ

کی آمد کے موقع پر کھانے پینے سمیت روزمرہ استعمال کی ہر چیز کی قیمت میں کئی گنا اضافہ کر دیا گیا ہے جبکہ گراں فروش تاجروں اور زخیرہ اندوزوں نے بھی مصنوعی مہنگائی کی بہتی گنگا میں ہاتھ دھونے شروع کر دیئے ہیں جن کے آگے ڈسٹرکٹ پرائس کمیٹی ممبران مانسہرہ انتظامیہ اور اور متعلقہ حکام بالا بھی بیبس نظر آ رہے ہیں ان حالات میں کمر توڑ مہنگائی نے غریب عوام کی مشکلات مزید بڑھا دی ہیں جو پہلے ہی بیروزگاری و تنگ آمدنی کی وجہ سے پریشان حال ہیں مانسہرہ کے شہری و عوامی حلقوں نے مانسہرہ انتظامیہ و متعلقہ حکام بالا سے بڑھتی ہوئی خودساختہ مہنگائی فی الفور کنٹرول کرنے اور گراں فروشوں و زخیرہ اندوزوں کے خلاف فوری کاروائی کرتے ہوئے انہیں قابو کرنے کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ 24 متحرک

موٹر سائیکل چوری سمیت دیگر چوری کی وارداتوں میں متحرک پولیس کی روایتی سستی کی بنا پر عوام خود کو عدم تحفظ کا شکار سمجھنے لگے ہیں عوامی شہری حلقوں نے پولیس کے اعلیٰ حکام کی توجہ اس طرف مبذول کرواتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ وہ حویلیاں تھانہ کے حالات پر کڑی نگرانی کریں اور عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنائیں

بقیہ 25 تحفظ

جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے دفعہ 144 ضابطہ فوجداری نافذ کر دی گئی ہے جس کے تحت ہوائی فائرنگ، ون ویلنگ، کھلونا اسلحہ اور پٹاخوں کی فروخت، اوور اسپیڈنگ، بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل چلانا، جھولوں میں اوور لوڈ کنگ، دریاؤں میں نہانا یا خطرناک مقامات پر تیراکی اور لائف جیکٹ کے بغیر رافٹنگ پر مکمل پابندی عائد ہوگی۔اجلاس میں مزید فیصلہ کیا گیا کہ عید کے ایام میں ضلعی کنٹرول روم اور ریسکیو کنٹرول روم مسلسل فعال رہیں گے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری کارروائی ممکن بنائی جا سکے۔ پیٹرولیم مصنوعات (PoL) کی دستیابی اور نگرانی کو بھی یقینی بنایا جائے گا جبکہ پرائس مجسٹریٹس باقاعدگی سے بازاروں کا دورہ کر کے اشیائے خوردونوش کی قیمتوں، صفائی اور معیار کی جانچ کریں گے۔ڈپٹی کمشنر مانسہرہ نے ٹی ایم اے کو ہدایت کی کہ شہر میں صفائی ستھرائی کو یقینی بنانے اور عارضی تجاوزات کے خاتمے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں۔اس کے علاوہ سیاحوں کی سہولت اور حفاظت کے پیش نظر موسمی حالات اور سڑکوں کی صورتحال سے متعلق بروقت عوامی آگاہی فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی گئی۔اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر مانسہرہ نے تمام متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ عیدالفطر کے موقع پر امن و امان برقرار رکھنے اور عوام کو بہترین سہولیات فراہم کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں سرانجام دیں۔

بقیہ 26 چیکنگ

کا معائنہ کیا۔ دورے کے دوران گوشت فروشوں، فروٹ شاپس، کریانہ اسٹورز اور بیکریوں کی تفصیلی چیکنگ کی گئی۔اس موقع پر دکانوں میں صفائی ستھرائی کے انتظامات، اشیا کی کوالٹی، ایکسپائری ڈیٹس اور سرکاری نرخ ناموں کی دستیابی کو چیک کیا گیا تاکہ عوام کو معیاری اور محفوظ اشیا مقررہ نرخوں پر فراہم کی جا سکیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے بیکریوں کے کارخانوں کا بھی معائنہ کیا۔ ناقص صفائی اور غیر تسلی بخش انتظامات پر متعلقہ دکانداروں کو سخت تنبیہ کی گئی جبکہ متعدد دکانداروں پر بھاری جرمانے بھی عائد کیے گئے۔اس موقع پر دکانداروں کو ہدایت کی گئی کہ حفظانِ صحت کے اصولوں اور سرکاری ہدایات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو معیاری اور محفوظ اشیائے خوردونوش کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے۔

بقیہ 27 پریشر ہارن

کرنے، پریشر ہارن کے استعمال اور پارکس میں فٹنس سرٹیفکیٹ کے بغیر کیبل کارز، چیئر لفٹس، ڈولی لفٹس اور جھولوں کے استعمال پر مکمل پابندی ہوگی۔اعلامیے کے مطابق یہ احکامات 18 مارچ 2026 سے 24 مارچ 2026 تک سات دن کے لیے نافذ العمل رہیں گے۔ اس دوران قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ان احکامات پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ عیدالفطر کے پرمسرت موقع پر قانون کی پابندی کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ سے تعاون کریں تاکہ شہریوں کو محفوظ اور پُرامن ماحول فراہم کیا جا سکے۔اعلامیے میں مزید کہا گیا ہے کہ دفعہ 144 کی خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف تعزیرات پاکستان کی دفعہ 188 کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 28 تعاون

دورہ کیا۔ دورے کے دوران ٹریفک کنٹرول ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہدایات جاری کی گئیں۔انچارج ٹریفک انسپکٹر انس خان نے ٹریفک اسٹاف کو ہدایت کی کہ ماہِ رمضان المبارک کے آخری عشرے بالخصوص آخری ایام میں بازاروں اور اہم شاہراہوں پر عوامی رش میں اضافے کے پیش نظر ٹریفک کے بہا کو بہتر انداز میں برقرار رکھنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔انہوں نے مزید کہا کہ خریداری کے لیے آنے والے شہریوں کی سہولت کے پیش نظر اہم بازاروں، شاپنگ مالز اور مرکزی شاہراہوں پر ٹریفک کو منظم رکھا جائے اور گاڑیوں کی درست پارکنگ کو یقینی بنایا جائے تاکہ سموتھ فلو آف ٹریفک برقرار رہے۔عوام سے اپیل ہے کہ وہ ٹریفک پولیس کے ساتھ تعاون کریں

بقیہ 29 عظیم کتاب

اپنی اس عظیم کتاب اور اللہ تعالیٰ کے پیغام پر عمل کر کے اس کا فایدہ اٹھانے کی کوشش کو تقریبا چھوڑ دیا ہے۔

بقیہ 30 ٹرسٹ

کرتے ہیں۔ٹرسٹ کی جانب سے جاری اس فلاحی اقدام کو عوامی حلقوں نے بھرپور انداز میں سراہا ہے اور اسے معاشرے میں خدمتِ انسانیت کی ایک بہترین مثال قرار دیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ رمضان المبارک میں اس طرح کے دسترخوان مستحق افراد، مسافروں اور محنت کش طبقے کے لیے بڑی سہولت فراہم کرتے ہیں۔المصطفی ویلفیئر ٹرسٹ کی طرف سے روزانہ کی بنیاد پر المصطفی ہسپتال ڈھوڈیال مانسہرہ میں مرکزی افطار دسترخوان لگایا جاتا ہے، جبکہ اس کے علاوہ دیگر اہم مقامات پر بھی افطاری کا اہتمام کیا گیا ہے۔ ان مقامات میں مانسہرہ لاری اڈا، مانسہرہ ڈسٹرکٹ جیل، ایوب ٹیچنگ ہسپتال ایبٹ آباد اور وادی کاغان شامل ہیں، جہاں روزانہ بڑی تعداد میں افراد افطار دسترخوان سے مستفید ہو رہے ہیں۔انتظامیہ کے مطابق اس اقدام کا مقصد رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں مستحق اور ضرورت مند افراد تک بروقت افطار پہنچانا اور معاشرے میں باہمی ہمدردی، ایثار اور خدمتِ خلق کے جذبے کو فروغ دینا ہے۔

بقیہ 31 پیکیجز

نے مزید کہا کہ وقتی ریلیف پیکیجز سے عوام کو مستقل فائدہ نہیں ہوتا بلکہ اس سے معاشرے میں انحصار اور غلامانہ سوچ کو فروغ ملتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت ایسے منصوبے متعارف کروائے جو نوجوانوں کو ہنر اور روزگار فراہم کریں تاکہ وہ خود کفیل بن سکیں۔سابق امیدوار تحصیل میئر نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ عوامی وسائل کو ایسے منصوبوں پر خرچ کیا جائے جو صنعتی ترقی، کاروباری مواقع اور روزگار کی فراہمی کا باعث بنیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ملک میں حقیقی ترقی اور خوشحالی لانی ہے تو وقتی امدادی پیکیجز کے بجائے پائیدار معاشی منصوبہ بندی کی ضرورت ہے۔انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بدقسمتی سے معاشرے میں شعور کی کمی کے باعث لوگ ایسے اقدامات کو ہی اصل ریلیف سمجھ لیتے ہیں، حالانکہ حقیقی تبدیلی تب آئے گی جب عوام کو مستقل روزگار اور بہتر معاشی مواقع فراہم کیے جائیں گے۔

بقیہ 32 آلات

جس کے ڈر کی وجہ سے دوکاندار بجلی کے آلات لگانے سے خوفزدہ ہیں لیکن ابھی تک واپڈا اہلکاروں نے یہاں آنے کی زحمت گوارہ نہیں کی جو تاحال ہائی وولٹیج موجود ہے وفد نے بتایا کہ واپڈا حکام اس بات کی وضاحت کریں کہ اس میں ہم لوگوں کا کیا قصور ہے کہ ہم لوگوں کو اتنا بڑا نقصان اٹھانا پڑا جبکہ ہم واپڈا حکام کو بھاری بھرکم بجلی بل بروقت ادا کرتے ہیں لیکن ہمیں اس کے بدلے میں ناروا لوڈشیڈنگ اور خودساختہ پرمٹ کی وجہ سے ہمیں سارا سارا دن بجلی سے محروم رکھا جاتا ہے وفد نے شکایت کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے اس نقصان کا ذمہ دار کون ہے واپڈا حکام کو اس کی وضاحت کرنی چاہئے

بقیہ 33 تلاوت

رشک ہے راجہ طارق نے کہا کہ ماہ رمضان میں قرآن کریم کی تلاوت سنانے اور سننے کا بڑا اجر و ثواب ہے

بقیہ 34 تعاون

ساتھ مکمل تعاون کریں اور ایک ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔

بقیہ 35 جرائم پیشہ

اضافی نفری تعینات کی جائے، پیشہ ور گداگروں کے خلاف کریک ڈاؤن کریں، چور چکار، عادی جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کاروائیاں عمل میں لائیں۔

بقیہ 36 داخل

وہ نئے تعلیمی سال میں اپنے بچوں کو سرکاری اسکولوں میں داخل کروائیں۔ ریلی کا مقصد عوام میں تعلیم کی اہمیت کو اجاگر کرنا اور زیادہ سے زیادہ بچوں کو اسکولوں میں داخل کر کے انہیں زیورِ تعلیم سے آراستہ کرنا تھا۔اس موقع پر اس عزم کا اظہار بھی کیا گیا کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں معیاری تعلیم کی فراہمی اور بچوں کے روشن مستقبل کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 37 اضافہ

کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا گیا پٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کا بہانا بنا کر گراں فروشوں نے من مانے نرخ وصول کرنے شروع کر دیئے ہیں چیکنگ کا کوئی انتظام نہیں ہے غریب روزہ داروں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے متعلقہ محکموں کے افسران صرف دفاتروں تک محدود گراں فروشوں کے وارے نیارے ہڈی والا گوشت ایک ہزار روپے کلو چھوٹا گوشت بھیڑوں کا اٹھارہ سو روپے کلو خالص گوشت صرف کباب فروشوں کو دیا جاتا ہے کوئی بھی پوچھنے والا نہیں ہے بار بار عوامی شکایات کے باوجود کوئی شنوائی حاصل نہیں ہو رہی

بقیہ 38 افطار ڈنر

چاہیئے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے مسجد کے معتکفین کے اعزاز میں افطار ڈنر کی پرتکلف تقریب میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ڈاکٹر مسعود اختر تنولی کا کہنا تھا ایبٹ آباد میں مختلف مقامات پر افطاری کے دسترخوان سجائے گئے ہیں یہ ان لوگوں کے لئے بڑے اعزاز کی بات ہے جو اللہ کے دیے میں سے خرچ کرتے ہیں۔انہوں نے مخیّر افراد پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے پڑوس اردگرد ایسے لوگوں پر نظر رکھیں اور ان کی ضرورت کو پورا کریں ۔ڈاکٹر مسعود اختر تنولی کا کہنا تھا آخرت کا حساب بڑا سخت ہے آج جو عمل کریں گے اس کا بدلہ روز قیامت ضرور ملے گا۔ ماہ مبارک میں چھوٹی سی نیکی کا بھی بڑا اجر ہے۔ بڑھ چڑھ کر کوشش کریں ۔اس موقع پر ملک کی سلامتی کے لئے بھی دعا کی گئی۔

بقیہ 39 خدمت

نوابزادہ صلاح الدین سعید تنولی ایک انتہائی شریف النفس اور زیرک سیاستدان ہے آپ نے ہمیشہ علاقے کے غریب اور مظلوموں کی مدد کیا ھے

بجلی شارٹ سرکٹ، لاری اڈہ دکانداروں کے بجلی آلات جل کر خاکستر

اتنے بڑے نقصانات کے باوجود ہائی وولٹیج موجود ہے واپڈا اہلکاروں کی غفلت تاحال جاری ہے

سانڈے سر (نمائندہ شمال) لاری اڈہ میں بجلی کے شارٹ سرکٹ سے دوکانداروں کے بجلی کے آلات جل کر خاکستر ہوگئے اتنے بڑے نقصانات کے باوجود ہائی وولٹیج موجود ہے واپڈا اہلکاروں کی غفلت تاحال جاری ہے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز لاری اڈہ کے دکانداروں پر مشتمل ایک وفد نے نمائندہ شمال احمد خان سواتی سے ایک خصوصی ملاقات کے دوران بتایا کہ گزشتہ سے پیوستہ روز لاری اڈہ میں بجلی کی آنکھ مچولی کے بعد اچانک وولٹیج بڑھنے سے دوکانداروں کے تمام بجلی آلات جل کر خاکستر ہوگئے جس کی وجہ سے انہیں نقصانات کا سامنا کرنا پڑا وفد نے بتایا کہ ہمیں دکھ اس بات کا ہے کہ بجلی کے اس شارٹ سرکٹ سے ہونے والے نقصان کے باوجود متعلقہ واپڈا اہلکاروں کو ذرا بھر بھی احساس تک نہیں ہوا جبکہ بجلی کی لائن میں اب بھی ہائی وولٹیج موجود ہے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 32)

رمضان پیکیج ریلیف بجائے معاشرتی بگاڑ کا سبب بن رہا ہے

عادل دلاور خان کا رمضان پیکج کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے اظہار خیال

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر ونظریاتی رہنما اور سابق امیدوار برائے تحصیل میئر مانسہرہ عادل دلاور خان نے رمضان پیکج کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ یہ پیکج شہریوں کے لیے ریلیف کے بجائے اذیت اور معاشرتی بگاڑ کا سبب بن رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے وقتی اقدامات عوام کے بنیادی مسائل کا حل نہیں بلکہ انہیں مزید مشکلات میں مبتلا کرتے ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ رمضان پیکج کے نام پر تقسیم کیے جانے والے وسائل کو اگر پائیدار ترقیاتی منصوبوں پر خرچ کیا جاتا تو اس کے مثبت اور دیرپا نتائج سامنے آ سکتے تھے۔ ان کے مطابق انہی وسائل سے کئی چھوٹی اور درمیانے درجے کی فیکٹریاں قائم کی جا سکتی تھیں جس سے مقامی افراد کو باعزت روزگار کے مواقع میسر آتے اور علاقے کی معیشت بھی مضبوط ہوتی۔ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 31)

المصطفیٰ ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر اہتمام افطار دسترخواں جاری

ملک بھر کی طرح مانسہرہ ضلع اور ایبٹ آباد میں بھی رمضان افطار دسترخوان کا اہتمام جاری ہے

مانسہرہ (خبر نگار خصوصی) المصطفی ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر اہتمام ملک بھر کی طرح مانسہرہ ضلع اور ایبٹ آباد میں بھی رمضان افطار دسترخوان جاری۔ ڈھوڈیال میں جاری دسترخوان میں متعدد سیاسی وسماجی شخصیات، مانسہرہ پریس کلب کے عہدیداروں، ڈپٹی کمشنر مانسہرہ سمیت دیگر شخصیات نے شرکت کرکے المصطفی ویلفیئر ٹرسٹ کے فلاح کاموں کو بے حد سراہا۔ تفصیلات کے مطابق ماہِ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں فلاحی سرگرمیوں کو فروغ دیتے ہوئے المصطفی ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے ملک بھر کی طرح مانسہرہ اور ایبٹ آباد میں رمضان افطار دسترخوان کا اہتمام کیا گیا ہے، جو یکم رمضان سے 30 رمضان المبارک تک باقاعدگی سے جاری رہے گا۔ اس دسترخوان پر روزانہ سینکڑوں افراد نہایت عزت و احترام کے ساتھ بیٹھ کر افطار (بقیہ صفحہ 3 نمبر 30)

قرآن مجید۔انسانیت کے لیئے علم وتحقیق اور دائمی کامیابی والی واحد آسمانی کتاب ہے

قرآن کریم میں دوزخ سے نجات کا راستہ اور علم وتحقیق کے ساتھ انصاف، قانون اور عدل کا درس ملتا ہے

بجنہ (نامہ نگار) قرآن مجید۔انسانیت کے لیئے علم وتحقیق اور دائمی کامیابی والی واحد آسمانی کتاب ہے۔ یہ بات سینئر رہنما مسلم لیگ ن ایڈووکیٹ صلاح الدین خان نے اللہ تعالی کی طرف سے اپنے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کی گئی عظیم الشان کتاب قرآن مجید کو انسانیت کے لیئے دنیاوی اور اخروی ترقی والا عظیم تحفہ قرار دیتے ہوئے شمال کو بتائی۔انہوں نے کہا کہ قرآن مجید ایک ایسی عظیم کتاب ہے جس میں اللہ تعالی کی طرف سے مخلوق کو دنیاوی واخروی ترقی اور آخرت کی ہمیشہ والی زندگی کی کامیابی، دوزخ سے نجات کا راستہ اور علم وتحقیق کے ساتھ انصاف، قانون اور عدل کا درس ملتا ہے۔انہوں نے کہا کہ آج غیر مسلموں نے قرآن مجید پر علم وتحقیق کرکے اپنی دنیاں کو خوبصورت اور کامیاب بنادیا ہے جبکہ مسلمانوں نے آج (بقیہ صفحہ 3 نمبر 29)

مانسہرہ' ڈسٹرکٹ جیل مانسہرہ میں قیدیوں کیلئے افطار ڈنر اہتمام کے موقع پر ضلعی امیر جماعت اسلامی جمیل احمد جہانگیری قیدیوں سے خطاب کرتے ہوئے

جامع مسجد بلال پھلڑہ میں تکمیل تلاوت قرآن کریم کی تقریب

نماز تراویح میں قرآن کریم کی تلاوت سننے والے قابل شک ہیں، قاری محمد عابد تنولی کا خطاب

پھلڑہ (نمائندہ شمال) جامع مسجد بلال پھلڑہ میں تکمیل تلاوت قرآن کریم کی تقریب ہوئی مولانا محمد شعیب نے ماہ رمضان میں نماز تراویح میں قرآن کریم سنایا جامع مسجد بلال پھلڑہ میں تکمیل تلاوت قرآن کریم کی پروقار تقریب ہوئی قاری محمد عابد تنولی نے اپنے مختصر خطاب میں کہا کہ قرآن کریم اور رمضان کا آپس میں گہرا تعلق ہے نماز تراویح میں قرآن کریم کی تلاوت سننے والے قابل رشک ہیں اسی طرح حافظ قاری محمد شعیب کی جانب سے جیسے احسن انداز میں قرآن کریم کی تلاوت کی گئی قابل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 33)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ علی شیر خان خلیل کوزہ باٹڈہ بازار کا دورہ کر رہے ہیں

ہوائی فائرنگ، اسلحہ نمائش آتش بازی اور پٹاخوں پر پابندی عائد

رمضان المبارک کے آخری ایام اور عیدالفطر کے موقع پر دفعہ 144 نافذ کردی گئی

مانسہرہ (شیخ نزیر سے) مانسہرہ ضلعی انتظامیہ نے رمضان المبارک کے آخری ایام اور عیدالفطر کے پرمسرت موقع پر امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ضلع بھر میں دفعہ 144 نافذ کردی ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق دفعہ 144 کے تحت ہوائی فائرنگ، اسلحہ کی نمائش، آتش بازی اور پٹاخوں کی فروخت، پریشر ہارن کے استعمال، اسلحہ نما کھلونوں کی فروخت، ون ویلنگ اور جھیلوں پر بغیر حفاظتی انتظامات کے جانے پر مکمل پابندی عائد کردی گئی ہے۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ ان اقدامات کا مقصد عید کے موقع پر کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا اور شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے تمام شہریوں اور تاجروں سے اپیل کی ہے کہ وہ عید کی خوشیوں کو محفوظ اور پرامن بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 34)

ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈاپور کا تھانہ سرائے صالح کا اچانک دورہ

محرر سٹاف سے ملاقات کی اور ریکارڈ کی درستگی کے ساتھ انلائن انٹری کے احکامات دیئے

ہری پور (کرائم رپورٹر) ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈاپور کا تھانہ سرائے صالح کا اچانک دورہ، رمضان المبارک کے آخری ایام اور عیدالفطر کے حوالے سے اہم ہدایات، ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈاپور نے تھانہ سرائے صالح کا اچانک دورہ کیا، اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ سرائے صالح قمر خان بھی موجود تھے، ڈی پی او ہری پور نے محرر سٹاف سے ملاقات کی اور ریکارڈ کی درستگی کے ساتھ انلائن انٹری کے احکامات دیئے، ڈی پی او ہری پور نے ایس ایچ او تھانہ سرائے صالح کو رمضان المبارک کے آخری ایام اور عیدالفطر کے موقع پر امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لیے بازاروں، مساجد اور اہم مقامات پر سکیورٹی کو مزید مؤثر بنایا جائے، گشت، سنیپ چیکنگ اور ناکہ بندیوں کو مؤثر کیا جائے تاکہ شہری خود کو محفوظ محسوس کریں۔ رش والے مقامات پر بھی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 35)

نئے تعلیمی سال کے سلسلے حویلیاں میں داخلہ مہم آگاہی ریلی

ریلی کی قیادت ایس ڈی او تحصیل حویلیاں نے کی، ٹیچرز طلبہ وطالبات کی شرکت

حویلیاں (نامہ نگار) محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم خیبر پختونخوا کی ہدایات کی روشنی میں نئے تعلیمی سال 2026-27 کے لیے تحصیل حویلیاں میں داخلہ مہم کے سلسلے میں ایک آگاہی ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی کی قیادت ایس ڈی او تحصیل حویلیاں راجہ بابو جہانگیر نے کی۔ ریلی کا آغاز گورنمنٹ ماڈل پرائمری اسکول نمبر 1 حویلیاں سے ہوا جو حویلیاں بازار سے گزرتے ہوئے دوبارہ اسی اسکول میں اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی میں اے ایس ڈی او سرکل حویلیاں عمران جدون، سکول لیڈرز صاحبان اسامہ جہانزیب خان، سبطین حیدر شاہ اور امیر حمزہ جدون، سرکل حویلیاں کے تمام ہیڈ ٹیچرز اور طلبہ وطالبات نے بھرپور شرکت کی۔ طلبہ وطالبات نے ہاتھوں میں داخلہ مہم سے متعلق پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے اور حویلیاں بازار میں آگاہی نعرے لگاتے ہوئے والدین سے اپیل کی کہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 36)

رمضان آخری عشرہ، شنکیاری میں گراں فروشی عروج کو پہنچ گئی

پھلوں سبزیوں فارمی مرغی سمیت دیگر اشیاء خوردونوش کے نرخوں میں ظالمانہ اضافہ

شنکیاری (بیورو چیف) رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں شنکیاری میں گراں فروشی عروج پر پہنچ گئی پھلوں سبزیوں فارمی مرغی سمیت دیگر اشیاء خوردونوش کے نرخوں میں ظالمانہ اضافہ کردیا گیا ہے عیدالفطر سے قبل ہی مہنگائی کا جن بوتل سے باہر آگیا ہے فارمی مرغی 388 روپے کلو کو جا پہنچی ٹماٹر سو روپے کلو ادرک تھوک آٹھ سو روپے کلو، پیاز سو روپے کلو سے تجاوز کر گیا، بھینڈی تین سو پچاس روپے کلو، دیسی ساگ تین سو روپے کلو، سیب چار سو روپے کلو، سٹرابری چار سو روپے کلو، کیلا بدستور تین سو روپے درج، کینو تین سو روپے درجن، گوبھی سو روپے کلو، شملہ مرچ سو روپے کلو، امرود تین سو روپے کلو، مالٹا تین سو روپے درجن، انگور آٹھ سو روپے کلو، خربوزہ دو سو روپے کلو، فراش بین دو سو روپے کلو کلو، دیسی لوبیا سات سو روپے کلو اسی طرح دیگر اشیاء خوردونوش (بقیہ صفحہ 3 نمبر 37)

جمیل احمد جہانگیری کا دیگر کے ہمراہ ڈسٹرکٹ جیل مانسہرہ کا دورہ

امیر جماعت اسلامی ضلع مانسہرہ نے قیدیوں کے لئے افطاری پروگرام میں خصوصی شرکت کی

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) امیر جماعت اسلامی ضلع مانسہرہ جمیل احمد جہانگیری نے جماعت اسلامی کے دیگر عہدیداران کے ہمراہ ڈسٹرکٹ جیل مانسہرہ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام قیدیوں کے لیے منعقدہ افطاری پروگرام میں خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر امیر ضلع جمیل احمد جہانگیری نے قیدیوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معاشرے کے ہر فرد کو اصلاح اور بہتری کا موقع ملنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام ہمیں انسانیت کی خدمت، ہمدردی اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے، اور قیدی بھی معاشرے کا حصہ ہیں جن کی فلاح و بہبود پر توجہ دینا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ قیدی اپنی زندگی میں مثبت تبدیلی لانے کی کوشش کریں اور رہائی کے بعد معاشرے کے مفید شہری بن کر زندگی گزاریں۔ انہوں نے الخدمت فاؤنڈیشن کی خدمات (بقیہ صفحہ 3 نمبر 48)

عبدالقیوم کی شاندار خدمات پر انہیں خراج تحسین پیش کیا گیا

رکن صوبائی اسمبلی سردار محمد ریاض نے موصوف کے لئے نقد انعام دینے کا بھی اعلان کیا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) کوہستان سے تعلق رکھنے والے چیف وارڈن عبدالقیوم کی شاندار خدمات پر رکن صوبائی اسمبلی سردار محمد ریاض نے انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ رکن صوبائی اسمبلی سردار محمد ریاض نے عبدالقیوم کی بہادری اور خدمات کو سراہتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کے لیے 50 ہزار روپے نقد انعام دینے کا خصوصی اعلان بھی کیا۔ اس موقع پر سردار محمد ریاض کا کہنا تھا کہ انہیں فخر ہے کہ کوہستان کی سرزمین پر عبدالقیوم جیسے بہادر اور دلیر لوگ موجود ہیں جو خدمت کی ایک عظیم مثال قائم کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عبدالقیوم کی خدمات قابلِ تحسین ہیں اور پوری قوم کو ان (بقیہ صفحہ 3 نمبر 47)

حویلیاں نجی ہاسپٹل میں خاتون کی موت کی مکمل تحقیقات سامنے لائی جائیں

کون لوگ ہیں جو ایسے واقعات کو عوام سے اور پولیس انتظامیہ سے خفیہ رکھ کر موت کا کھیل کھیل رہے ہیں

حویلیاں (نمائندہ شمال) حویلیاں نجی ہاسپٹل میں ڈاکٹر کی غفلت سے جانبحق ہونے والی خاتون کی موت کی مکمل تحقیقات سامنے لائی جائیں کون لوگ ہیں جو ایسے واقعات کو عوام سے اور پولیس انتظامیہ سے خفیہ رکھ کر موت کا کھیل کھیل رہے ہیں ان خیالات کا اظہار شہریوں نے کیا انھوں نے کہا کہاں ہے ہیومن رائٹس کہاں ہے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 46)

ماہ رمضان المبارک میں روزہ دار کو افطاری کروانا بڑی نیکی ہے

مہمان نوازی کرنے سے اللہ رب العزت کی رضا اور خوشنودی حاصل ہوتی ہے، ڈاکٹر مسعود اختر

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) ہزارہ ہومیو پیتھک ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر مسعود اختر تنولی نے کہا ہے کہ ماہ رمضان المبارک میں روزہ دار کو افطاری کروانا بڑی نیکی ہے۔ اپنی استطاعت کے مطابق مہمان نوازی کرنے سے اللہ رب العزت کی رضا اور خوشنودی حاصل ہوتی ہے۔ ماہ مبارک کی بابرکت ساعتیں اختتام کے قریب ہیں زیادہ سے زیادہ اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے کوشش کرنی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 38)

آئندہ انتخابات میں نوابزادہ صلاح الدین سعید کو موقع دیا جائے گا

چیف آف تناول ایک انتہائی شریف النفس اور زیرک سیاستدان ہیں، سلطان اعظم خان

پھلڑہ (نمائندہ شمال) آئندہ انتخابات میں چیف آف تناول نوابزادہ صلاح الدین سعید تنولی کو حلقہ این اے 15 سے کامیاب کرکے عوامی خدمت کا موقع دیا جائے گا سلطان اعظم خان گلگت جگلوٹ نے روزنامہ شمال ایبٹ آباد کے نمائندے سے مختلف سیاسی و سماجی ایشوز پر بات کرتے ہوئے سلطان اعظم تنولی نے کہا کہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 39)

عید کے موقع سرکل پھلڑہ تھانہ جات نے گشت بڑھادی

پھلڑہ (نمائندہ شمال) عید کے موقع پر ڈی ایس پی سرکل پھلڑہ میں سیکورٹی ہائی الرٹ سڑکوں پر چوبیس (بقیہ صفحہ 3 نمبر 40)

حضرت علی رضی اللہ عنہا فاتح خیبر ہیں

مقررین اہلسنت والجماعت تحصیل حویلیاں

حویلیاں (نمائندہ شمال) اہلسنت والجماعت تحصیل حویلیاں کے زیر اہتمام میں علاقہ بھر میں خلیفہ راشد (بقیہ صفحہ 3 نمبر 41)

ڈی ایس پی سرمل پارس نے تھانہ کاغان کا دورہ کیا

پھلڑہ (نمائندہ شمال) جوانوں کی حوصلہ افزائی کے لیے ڈی ایس پی سرکل پارس صداقت نثار نے تھانہ کاغان (بقیہ صفحہ 3 نمبر 42)

طارق عدیل خانخیل اور عقیل خان سے تعزیت کا اظہار

پھلڑہ (نمائندہ شمال) سینئر صحافی طارق عدیل خانخیل سے ان کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 43)

جج حافظ نسیم اکبر بطور سیشن وڈسٹرکٹ جج ریٹائرڈ ہوگئے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) چکیاہ مانسہرہ سے تعلق رکھنے والے جج حافظ نسیم اکبر صاحب بطور سیشن و ڈسٹرکٹ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 44)

مانسہرہ' ایم این اے شہزادہ گستاسپ خان کے فوکل پرسن شہزادہ عبداللہ خان و دیگر المصطفیٰ ویلفیئر ٹریسٹ کا دورہ کر رہے ہیں

محمد آصف کی حادثاتی وفات پر تعزیت کا اظہار

پھلڑہ (نمائندہ شمال) محمد شہزاد اہل سیری سے ان کے بھائی محمد آصف کی حادثاتی وفات پر تعزیت کرتے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 51)

سید خطاب شاہ کو سپرد خاک کردیا گیا

پھلڑہ (نمائندہ شمال) سید عظمت شاہ کے والد سید خطاب شاہ وفات پاگئے جن کی نماز جنازہ گزشتہ روز تین بجے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 50)

سیدہ شہیلا بانو حقیقی معنوں میں عوامی مسائل حل کررہی ہیں

ایم پی اے کی کارگردگی دیکھ کر ہمیں بے حد خوشی ہوتی ہے، وفد کی میڈیا سے گفتگو

ایبٹ آباد (وقاص باکسر سے) ایبٹ آباد ممبر صوبائی اسمبلی سیدہ شہلا شاہ بانو حقیقی معنوں میں اپنے شہر اور عوام کے مسائل کو حل کرنے میں اپنا کلیدی کردار ادا کررہی ہیں شہلا شاہ بانو اصل ہزارہ کے عوام کے حقوق کی اصل ترجمان ہیں بغیر اقتدار کے بھی عوامی مسائل کو اجاگر کرتی اور انہیں حل کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتی ایسی دلیر باہمت خواتین صدیوں میں پیدا ہوتی ہیں ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز پاکستان مسلم لیگ ن کے نوجوان وفد نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ممبر صوبائی اسمبلی فخرے ہزارہ سیدہ شہلا شاہ بانو صوبای اسمبلی میں اپنے شہر اور عوام کے مسائل کو اجاگر کرکے انہیں ہنگامی بنیادوں پر حل کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کررہی ہیں اقتدار سے پہلے بھی وہ اپنے شہر کے مسائل کے خاتمے تک بھرپور جہدوجہد کرتی رہی ہیں اب اقتدار میں کر بھی ان کا مشن شہر کے ہر مسائل کو ہنگامی بنیادوں پر حل کرنا ہے انہوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 49)

محمد آصف اہل سیری کو سپرد خاک کردیا گیا

پھلڑہ (نمائندہ شمال) محمد آصف اہل سیری میں انتقال کرگئے مرحوم کی نماز جنازہ گزشتہ روز دن دس بجے ان کے آبائی گاؤں اہل سیری میں ادا کی گئی نماز جنازہ میں سیاسی و سماجی شخصیات اور علاقہ بھر سے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 45)